April 2012
جلد نمبر 2
شمارہ نمبر 12
ماہنامہ
خزینۂ روحانیات
لاہور
روحانیات کے اسرار و رموز اور مخفی علوم کا خزانہ
محمد رسول اللہ
درود شریف نمبر
کی محمدؐ سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں
یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں
درود شریف کی فضیلت، دنیاوی و اخروی فضائل، مسائل، نہ پڑھنے پر وعیدیں،
خاص خاص درود شریف اور ان کے فوائد، درود استغاثہ، تسخیر الارواح کا خاص عمل،
درود شریف کے مختلف اعمال جیسا کہ زیارت رسول اللہ ﷺ، مشکلات، شادی، محبت،
حفاظت، سحر و آسیب سے نجات، جسمانی امراض سے شفاء، قضائے حاجات اور حل
مشکلات، مختلف معاشی مسائل کے حل اور متفرق اعمال۔

خصوصی دعاؤں کی درخواست

April 2012

جلد نمبر 2

شمارہ نمبر 12

ماہنامہ

لاہور

خزینہ روحانیات

نیا ایڈیشن

قیمت 120 روپے

روحانیات کے اسرار و رموز اور مخفی علوم کا خزانہ

محمد رسول اللہ

درود شریف نمبر

کی محمد سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں
یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں

درود شریف کی فضیلت، دنیاوی و اخروی فضائل، مسائل، نہ پڑھنے پر وعیدیں، خاص خاص درود شریف اور اُن کے فوائد، درودِ امتیازیہ، تسخیر الارواح کا خاص عمل، درود شریف کے مختلف اعمال جیسا کہ زیارت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، مشکلات، شادی، محبت، حفاظت، سحر و آسیب سے نجات، جسمانی امراض سے شفاء، قضائے حاجات اور حل مشکلات، مختلف معاشی مسائل کے حل اور متفرق اعمال۔

خاص درود شریف: صلوٰۃ تفریجیہ قرطبیہ...... صلوٰۃ لطیفیہ...... صلوٰۃ للرفاعی

فہرست مضامین

اسلامی، تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

ماہنامہ
خزینۂ روحانیات
لاہور

جلد 2 | اپریل 2012ء/ جمادی الاول ۱۴۳۳ھ | شمارہ نمبر 12

سرکولیشن، اشتہارات وشکایات 0322-4773786

خط وکتابت کا پتہ: پوسٹ بکس نمبر 9119، لاہور۔ 54570

فون: 042-35410586 موبائل: 0343-7772772

بیرون ملک: +92-322-7772772

فہرست مضامین

صفحہ نمبر

Web: darulamal.org/magazines/ruhani

Facebook: facebook.com/khazinaeruhaniyat

Facebook: facebook.com/khazina.ruhaniyaat

Twitter: twitter.com/khazinaruhanyat

Email: khazinaeruhaniyaat@gmail.com

قیمت 120 روپے

سالانہ ممبرشپ عام ڈاک 650 روپے

سالانہ ممبرشپ رجسٹرڈ ڈاک 1000 روپے

خالد مقبول صاحب پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر ادارہ دار العمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

حمد

اے عالم نجوم وجواہر کے کردگار!
اے کار سازِ دہر و خداوندِ بحر و بر
اِدراک و آگہی کے لئے منزلِ مُراد
بہرِ مسافرانِ جنوں، حاصل سفر!
یہ برگ و بار و شاخ و شجر، تیری آیتیں
تیری نشانیاں ہیں یہ گلزار و دشت و در
یہ چاندنی ہے تیرے تبسّم کا آئینہ
پرتَو ترے جلال کا بے سایہ دوپہر!
مَوجیں سمندروں کی، تری رہگزر کے موڑ
صحرا کے پیچ و خم، ترا شیرازہ ہُنر!

منتخب کردہ: خضر عباس

نعت

محبت نے جب محبوب کو بنایا ہوگا
اپنی محبت کو ان جان پہ لٹایا ہوگا
ان کی آمد کا منظر بیاں ہو نہیں سکتا
پھر ملائکہ نے عرب کو کیسے سجایا ہوگا
درِ محمد ﷺ کے لئے چاہت کا کیا عالم تھا
گلیوں میں غلام کا جنازہ گھمایا ہوگا
وہ کیسی چاہت تھی وہ کیسا رشتہ تھا
جس نے آتے ہی سر سجدے میں جھکایا ہوگا
وہ کیا عجب لمحات ہوں گے عرش بریں پر
جب محبوب کے لئے اللہ نے قرآن بنایا ہوگا
مجھ نکمے بندے کا وہی سہارا بن سکتے ہیں
یہ سوچ کر تبتم تمہیں اُن کا امتی بنایا ہوگا

صدیقہ نورین تبسّم مصریال

رقم کی ادائیگی کا طریقہ کار

منی آرڈر 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور کے پتے پر کریں۔ اپنا نام، مکمل پتہ اور موبائل نمبر لازمی منی آرڈر فارم پر لکھیں۔ اور مقصد بھی واضح لکھیں۔

تعمیر بینک کسی بھی ایزی پیسہ دکان پر جا کر اکاؤنٹ نمبر 034377727721 میں رقم جمع کروائیں۔ 1000/- روپے تک 35/- روپے اضافی اور 1001/- سے 2500/- روپے تک 70/- روپے اضافی جمع کروائیں۔ 2500/- سے بڑی رقم بینک میں جمع کروائیں۔ پہلے فون پر رابطہ کرلیں تاکہ آسانی ہو۔

بینک ڈپازٹ درج ذیل بینکس میں سے کسی میں جمع کروائیں۔ پھر SMS پر اطلاع دیں اور اپنا نام ومکمل پتہ وموبائل نمبر اور مقصد بھی SMS کریں۔ پہلے دو بینکس میں جمع کروانے پر کوئی چارجز نہیں ہیں۔

1. Al-Baraka Bank (Saving A/C)
Khalid Maqbool A/C # 0110240232014
2. Meezan Bank (Branch Code: 0212)
Khalid Maqbool A/C # 02127600000077
3. UBL Bank (Branch Code: 347)
Khalid Maqbool A/C # 37100265

اداریہ

اللہ تبارک وتعالیٰ کا شکر ہے، اس کا احسان ہے کہ محض اس کے فضل و کرم اور اپنے اساتذہ اور مشائخ کی دعاؤں سے تیسرا خاص نمبر **"درود شریف نمبر"** چھپ کر آپ کے ہاتھوں میں ہے۔اس کے ساتھ ہی یہ دوسری جلد کا آخری شمارہ بھی ہے یعنی دو سال پورے ہو گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے جس طرح آسانی کے ساتھ یہ دو سال پورے کروائے ہیں، اسی طرح آگے بھی مدد فرماتے رہیں۔ قارئین بھی دعا فرمائیں کہ آسانی کے ساتھ یہ معاملہ آگے بڑھتا رہے۔

پچھلے دونوں خاص نمبر **"جادو اور جنات نمبر"** کو قارئین اور عاملین نے بہت پسند کیا۔امید ہے کہ یہ نمبر بھی اسی طرح مقبولیت حاصل کرے گا۔

درود شریف نمبر میں روزمرہ کے مسائل اور پریشانیوں سے نجات کے لئے کئی اعمال دئے گئے ہیں۔ درود شریف کے بارے میں مضامین بھی ہیں۔ چونکہ ہمارا رسالہ وظائف اور اعمال پر زیادہ مشتمل ہوتا ہے، اس لئے زیادہ توجہ اعمال پر ہی دی گئی ہے۔ ورنہ درود شریف کے صرف فضائل پر ہی لکھنا شروع کریں تو سینکڑوں صفحات بھی کم ہوں۔

درود شریف نمبر میں کوشش یہی کی گئی ہے کہ مصدقہ اعمال ہی درج کئے جائیں اور درود شریف کے اعراب کا خاص خیال رکھا جائے۔ جہاں تک ممکن ہو، ترجمہ بھی کیا جائے۔ اگر پھر بھی کوئی کوتاہی یا غلطی کسی کو نظر آئے تو براہِ کرم مطلع فرمادیں تاکہ اس کی اصلاح کی جاسکے۔

درود شریف پڑھنے کی توفیق مل جائے تو یہ خود ایک بہت بڑی نعمت ہے۔ اور یہ ہر کسی کو نہیں ملتی۔ پڑھنے والے تو بہت ہیں مگر آداب کا لحاظ رکھتے ہوئے، دل میں محبت وعظمت رکھتے ہوئے اہتمام سے پڑھنے والے بہت کم ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو توفیق دے کہ ہم اس طرح درود شریف پڑھیں، جس طرح پڑھنے کا حق ہے۔ آمین

قارئین کے اصرار اور مختلف تجاویزات جو ہمیں موصول ہوئیں، ان کے پیشِ نظر رسالے میں کچھ نئے اضافے کئے جا رہے ہیں۔ رسالے میں خاص روحانی علاج معالجہ کو سامنے رکھ کر مضامین دئے جاتے ہیں جو اس شعبہ کے طلبا اور اساتذہ اور اس سے منسلک ہر فرد کے لئے مفید ہوتے ہیں۔ روحانی علاج کے ساتھ ساتھ جسمانی اور نفسیاتی علاج بھی مریض کا بہت ضروری ہوتا ہے، اس کے بغیر کئی بار وہ مکمل صحت یاب نہیں ہوتا اور اس طرف عاملین کی عموماً کوتاہی دیکھنے میں آئی ہے۔ اچھے اچھے عاملین کا بھی اس طرف دھیان نہیں۔ جو عامل روحانی علاج کے ساتھ جسمانی علاج پر توجہ دیتے ہیں، وہ زیادہ کامیاب ہیں۔ اسی لئے ایسے کئی نئے مضامین کا اضافہ کیا جارہا ہے، جو روحانی علاج کرنے والے، کروانے والے اور اس فن میں دلچسپی رکھنے والے لوگوں کے لئے مفید ہوں۔ ساتھ ہی اصل روحانیت یعنی تصوف سے متعلقہ مضامین بھی دئے جا رہے ہیں۔ اور بھی مضامین جو قارئین کی دلچسپی کا باعث ہونگے، ان شاء اللہ اضافہ کئے جاتے رہیں گے۔

ان تمام اضافوں کو سامنے رکھتے ہوئے، انتظامیہ نے فیصلہ کیا ہے کہ رسالے کے صفحات چالیس (40) کی بجائے چھپن (56) کر دئے جائیں۔ یعنی سولہ صفحات کا اضافہ کر دیا جائے۔ اور جو بھی خاص نمبر آئندہ شائع ہونگے، ان کے صفحات میں بھی سولہ صفحات کا اضافہ ہوگا۔ یعنی چونسٹھ (64) کی بجائے اسی (80) صفحات ہونگے۔ اس لئے رسالے کی قیمت میں بھی اضافہ کیا جارہا ہے۔ اب عام رسالے کی قیمت چالیس (40) روپے ہوگی اور خاص نمبر کی قیمت (60) روپے ہوگی۔ سالانہ عام ڈاک سے چارج سو روپے اور رجسٹرڈ ڈاک سے سات سو چالیس روپے ہوگی۔

امید ہے کہ قارئین ایک سو روپے کے سالانہ اضافہ کو محسوس نہیں فرمائیں گے اور رسالے کے ساتھ تعاون جاری رکھتے ہوئے اسکو مزید بہتر بنانے کے لئے اپنی تجاویزات ارسال فرماتے رہیں گے۔ اگلا خاص نمبر انشاء اللہ "رزق نمبر" ہوگا۔ میرے بہت عزیز اور مہربان جناب مولانا حکیم ابرار الحسن صاحب مدظلہٗ کی فرمائش ہے۔ اور بندہ ان کی فرمائش ٹال نہیں سکتا۔ یہ شمارہ اکتوبر 2012 میں شائع ہوگا۔

فضیلتِ درود شریف ۔۔۔۔ احادیث کی روشنی میں

خالد منصور ھداوال

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے رویت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود شریف پڑھتا ہے، اللہ رب العالمین اس پر دس رحمتیں نازل فرماتا ہے۔ (مسلم، نسائی، ترمزی)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے رویت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود شریف پڑھے گا، تو اللہ رب العالمین اس پر دس رحمتیں نازل فرمائے گا۔ اور اس کی دس خطائیں معاف کی جائیں گی، اور اس کے دس درجے بلند کئے جائیں گے۔

(نسائی، مسند احمد، مستدرک حاکم)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے رویت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود شریف پڑھتا ہے، اللہ رب العالمین اس پر ستر رحمتیں نازل فرماتا ہے۔ اور فرشتے ستر مرتبہ دُعائے رحمت کرتے ہیں۔ (نسائی)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے رویت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! جو شخص مجھ پر بکثرت درود شریف پڑھتا ہے، قیامت کے روز وہ سب سے زیادہ میرے قریب ہوگا۔ (ترمزی)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے رویت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! جس نے مجھ پر درود شریف بھیجا یا میرے لئے اللہ رب العالمین سے وسیلہ (جنت میں بلند مقام) مانگا، اس کے لئے میں قیامت کے روز ضرور سفارش کروں گا۔

(اسے اسماعیل قاضی نے رویت کیا)

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں، میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں کثرت سے درود شریف پڑھتا ہوں، اپنی دُعا میں سے کتنا وقت درود شریف کیلئے وقف کروں؟ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! جتنا تو چاہے۔ میں نے عرض کیا: ایک چوتھائی صحیح ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! جتنا تو چاہے۔ میں نے عرض کیا: نصف وقت مقرر کروں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جتنا تو چاہے، لیکن اگر اس سے زیادہ کرے تو تیرے لئے اچھا ہے۔ میں نے عرض کیا: دو تہائی مقرر کروں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! جتنا تو چاہے، لیکن اگر زیادہ کرے تو تیرے ہی لئے بہتر ہے۔ میں نے عرض کیا، میں اپنی ساری دُعا کا وقت درود شریف کیلئے وقف کرتا ہوں۔ اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! یہ تیرے سارے دکھوں اور غموں کیلئے کافی ہوگا اور تیرے گناہوں کی بخشش کا باعث ہوگا۔ (ترمزی)

حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے رویت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! جس نے دس مرتبہ صبح، دس مرتبہ شام کے وقت مجھ پر درود شریف پڑھا، اسے روزِ قیامت میری سفارش حاصل ہوگی۔

(طبرانی)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہتے ہیں میں نماز پڑھ رہا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حضرت ابو بکر و عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما تشریف فرما تھے۔ میں (دُعا کیلئے) بیٹھا تو پہلے اللہ رب العالمین کی حمد وثناء کی پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف بھیجا، پھر اپنے لئے دُعا کی تو امام الانبیاء رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! اللہ سے مانگو ضرور دیئے جاؤ گے، اللہ سے مانگو ضرور دیئے جاؤ گے۔ (ترمزی)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! جب تک کوئی مسلمان مجھ پر درود شریف بھیجتا رہتا ہے، اس وقت تک فرشتے اس کیلئے دُعائے رحمت کرتے رہتے ہیں، اب جو چاہے کم پڑھے جو چاہے زیادہ پڑھے۔ (اسماعیل قاضی)

درود شریف کے دنیاوی اور اُخروی فضائل

مولانا محمد عرفان صاحب

ستر فرشتے ایک ہزار دن تک ثواب لکھیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اَنْزِلْہُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ

جو شخص اس درود شریف کو پڑھے گا، اس کا ثواب ستر فرشتوں کو ایک ہزار دن تک مشقت میں ڈالے گا۔ (فضائل درود شریف)

★......★......★......★......★......★

ہر خلافِ شرع کام سے نجات ملے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ دَاءٍ وَّ دَوَاءٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ

جو شخص صبح وشام اس درود شریف کو پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ ہر خلافِ شرع کام سے نجات دلائیں گے۔ (ذریعۃ الوصول)

★......★......★......★......★......★

دنیا میں جنت کا اپنا مقام دیکھے

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ

جو شخص اس درود شریف کو روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھے گا، اس کو اللہ تعالیٰ مرنے سے پہلے دنیا میں جنت میں اس کا مقام دکھا دینگے۔

(ذریعۃ الوصول)

★......★......★......★......★......★

فرشتے ایک ہزار دن تک نیکیاں لکھیں

جَزَی اللّٰہُ عَنَّا مُحَمَّدًا مَا ھُوَ اَھْلُہٗ

جو شخص روزانہ ایک مرتبہ اس درود شریف کو پڑھے گا تو ستر فرشتے ایک ہزار دن تک اس کے لئے نیکیاں لکھتے ہیں (کنز العمال)

★......★......★......★......★......★

مختلف فوائد

روزانہ نمازِ فجر کے بعد دس مرتبہ درود شریف (کوئی بھی) پڑھنے سے

* بندہ کی روح نبیوں اور صدیقین کی طرح نکالی جائے گی
* پل صراط سے گزرنے میں آسانی ہوگی
* فرشتہ سجدے میں سر رکھ کر اس کو جنت میں داخل کروائے گا
* حوضِ کوثر پر پانی پینے میں مدد کی جائے گی

(ذریعۃ الوصول)

★......★......★......★......★......★

دین ودنیا کی استقامت نصیب ہو

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ دَائِمًا اَبَدًا

روزانہ ایک مقررہ وقت پر پچاس (50) مرتبہ درود شریف پڑھے تو دین ودنیا کی استقامت نصیب ہوگی۔ (فضائل درود شریف)

★......★......★......★......★......★

ستر ہزار فرشتے درود بھیجیں

نبی کریم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں کہ میرے پاس حضرت جبرائیل علیہ السلام حاضر ہوئے اور کہا کہ جو شخص آپ ﷺ پر درود بھیجتا ہے، اس پر ستر ہزار فرشتے درود بھیجتے ہیں۔ (نزہت المجالس جلد ۲)

★......★......★......★......★......★

چودہ ہزار درود کا ثواب

اگر کوئی شخص چاہے کہ کم از کم وقت میں زیادہ سے زیادہ ثواب حاصل کرلے تو اس درود شریف کو پڑھے جس کے ایک مرتبہ پڑھنے سے، پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ چودہ ہزار درودوں کا ثواب عطا فرماتے ہیں۔ حضرت سید

احمد الصاوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ" یہ درود شریف مکمل درود اور طریقت والوں کا درود ہے" اہل طریقت کے وظائف میں سے ہے کہ وہ ہر نماز کے بعد اس کو برابر پڑھتے ہیں۔ اس کا ثواب بے انتہا ہے۔ حضرت شیخ عبدالباقی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے کہ"اس درود شریف کا ثواب بے حساب ہے۔"

آپ نے فرمایا:"اس درود شریف کو صرف ایک مرتبہ پڑھنے سے چودہ ہزار درودوں کا ثواب حاصل ہوتا ہے"۔ درود شریف یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ عَدَدَ کَمَالِ اللہِ وَ کَمَا یَلِیْقُ بِکَمَالِہٖ

ترجمہ "اے اللہ! رحمت نازل فرما اپنے بندے، اپنے نبی، اپنے رسول نبی امی حضرت محمد ﷺ پر، اور آپ ﷺ کی آل و ازواج اور ذریت پر، بتعداد اپنی مخلوق کے، اور بمقدار اپنی ذات کی رضا کے، اور اپنے عرش کے وزن کے مطابق، اور اپنے کلمات کی روشنائی کی مقدار میں۔"

اگر کوئی شخص اس درود کو روزانہ ظہر و عصر کی نماز کے بعد ۳-۳ بار پڑھنے کی پابندی کرے اور جمعہ کے دن ہر نماز کے بعد سات سات مرتبہ پڑھا کرے تو اس درود شریف کے ہر صیغہ پر اسکو اس قدر ثواب ہوگا کہ فرشتوں کے لئے میسر نہ ہوگا کہ اس شخص کے نامہ عمل میں اس کا ثواب لکھ سکیں، کہ گویا تمام صلوات اس کو عنایت فرماتے ہیں۔ (ذریعۃ الوصول)

★.......★.......★.......★.......★

۸۰ سال کے گناہ معاف

بروز جمعۃ المبارک بعد نماز عصر 80 بار یہ پڑھیں تو 80 سال کے گناہ معاف ہوجاتے ہیں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ وَسَلِّمْ

★.......★.......★.......★.......★

شفاعت واجب ہو

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اَنْزِلْہُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ یَوْمَ الْقِیَامَۃِ

رسول اکرم ﷺ نے فرمایا جو شخص یوں درود پڑھے، اس کے لئے میری شفاعت واجب ہوجاتی ہے۔ (الترغیب والترہیب ص 504)

★.......★.......★.......★.......★

فرشتوں کو ثواب لکھنا مشکل ہوجائے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ نَبِیِّكَ وَ رَسُوْلِكَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ اَزْوَاجِہٖ وَ ذُرِّیَّاتِہٖ عَدَدَ خَلْقِكَ وَ رِضَا نَفْسِكَ وَ زِنَۃَ عَرْشِكَ وَ مِدَادَ کَلِمَاتِكَ

حصولِ خیر و برکت و دل جمعی

جو شخص ہر صبح کو نماز فجر کے بعد بطور وظیفہ سو (100) بار یہ درود شریف پڑھ کر اپنے کاموں میں مشغول ہوا کرے، اسے پورے دن میں خیر و برکت اور دینی و دنیوی دل جمعی نصیب ہوگی اور اس کا کوئی کام ضائع نہیں ہوگا۔ درود شریف یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ وَ کُلَّمَا سَھٰی عَنْہُ الْغَافِلُوْنَ وَ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ

ترجمہ "اے اللہ! رحمت نازل فرما حضرت محمد ﷺ پر اور حضرت محمد ﷺ کی آل پر، جب کبھی آپ ﷺ کا ذکر کریں ذکر کرنے والے، اور جب کبھی آپ ﷺ کو بھول جائیں غفلت والے، اور برکتیں اور سلام نازل فرما۔"

درود شریف کے مسائل

مولانا علی آفاق صاحب

مسئلہ ہر مسلمان پر عمر میں کم از کم ایک مرتبہ دُرود پڑھنا فرض ہے۔

(سعایہ صفحہ ۳۸)

مسئلہ نماز میں تشہد کے بعد قعدہ اخیرہ میں دُرود شریف کا پڑھنا سنت مؤکدہ ہے۔

(سعایہ صفحہ نمبر ۳۸)

مسئلہ مجلس میں یا کسی موقعہ پر بھی آپ ﷺ کا نام نامی اسم گرامی آجائے تو دُرود شریف کا پڑھنا واجب ہے۔

مسئلہ مجلس میں آپ ﷺ کا نامِ نامی اسم گرامی بار بار آئے تو پہلی مرتبہ یا ایک مرتبہ پڑھنا واجب ہے۔ اور باقی مرتبہ مستحب ہے اور امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ہر مرتبہ واجب ہے۔

(سعایہ، بحرالرائق جلد ۱ صفحہ ۳۴۶)

مسئلہ صرف دُرود پاک پڑھنا بغیر سلام کے درست ہے۔

(القول صفحہ ۳۶)

مسئلہ الفاظ دُرود میں اگر صلوٰۃ ہی کے صیغے ہوں تو سلام کا شامل کرنا مستحب ہے۔ اگر دُرود پاک کا بار بار تکرار کیا جا رہا ہے تو کبھی کبھی سلام کے صیغے کو شامل کر لینا مستحب ہے۔

(نزل الابرار صفحہ ۱۲۹)

مسئلہ جو صیغے صلوٰۃ وسلام کے احادیث میں مذکور ہیں، ان میں کسی لفظ اور کلمے کا اضافہ ممنوع ہے۔

(نزل الابرار صفحہ نمبر ۱۲۹)

مسئلہ قرآن پاک کی تلاوت کرتے ہوئے ایسی آیت آگئی جس میں آپ ﷺ کا نام ہے۔ تو دُرود تلاوت کے درمیان نہ پڑھے۔

(شامی صفحہ ۵۱۹)

مسئلہ خطبہ جمعہ اور عیدین وغیرہ میں آپ ﷺ کا اسم مبارک آئے تو دُرود نہ پڑھے بلکہ خطبہ سنتا رہے۔ ہاں دل میں پڑھ لے۔

(شامی صفحہ ۵۱۹)

مسئلہ نوافل نمازوں کے قعدہ اولیٰ میں دُرود پڑھنا درست ہے۔

(شامی)

مسئلہ دُرود وغیرہ پڑھتے وقت آواز کو بلند کرنا اور اعضاء کو حرکت دینا جہالت و نادانی ہے اور مکروہ ہے۔ (شامی صفحہ ۵۱۹)

ایک مجلس میں متعدد مرتبہ آپ ﷺ کا اسمِ مبارک آئے تو امام طحاوی رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک ہر مرتبہ درود واجب ہے۔ اسی کی طرف ابن نجیم رحمۃ اللہ علیہ صاحب بحر کا بھی میلان ہے۔ اور احوط بھی یہی ہے۔

(بحر صفحہ ۳۴۷)

مسئلہ دُرود کے پورے صیغے کا لکھنا لازم ہے۔ بعض لوگ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نام مبارک پر ''ص'' یا ''صلعم'' لکھ دیتے ہیں، یہ کافی نہیں۔ اس سے دُرود کا حکم ادا نہیں ہوتا اور نہ دُرود کا ثواب ملتا ہے۔ اور نہ واجب ساقط ہوتا ہے۔ افسوس کہ اس میں اکثر اہلِ علم بھی تساہل برتتے ہیں۔

درود شریف نہ پڑھنے پر وعیدیں...... احادیث کی روشنی میں

خالد منصور

حصہ اول

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا! رسوا ہو وہ آدمی جس کے سامنے میرا نام لیا جائے اور وہ درود شریف نہ پڑھے۔ رسوا ہو وہ آدمی جس نے رمضان کا پورا مہینہ پایا اور وہ اپنے گناہ نہ بخشوا سکا۔ رسوا ہو وہ آدمی جس کے سامنے اس کے ماں باپ یا دونوں میں سے ایک بڑھاپے کی عمر کو پہنچے اور وہ انکی خدمت کر کے جنت میں داخل نہ ہوا۔ (ترمذی)

حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منبر لانے کا حکم دیا۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلی سیڑھی پر قدم رکھا تو فرمایا: آمین! پھر دوسری سیڑھی پر قدم رکھا تو فرمایا: آمین! پھر تیسری سیڑھی پر قدم رکھا تو فرمایا: آمین۔ خطبہ سے فارغ ہونے کے بعد جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم منبر سے نیچے تشریف لائے تو صحابہ اکرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے عرض کیا: آج آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسی بات سنی جو اس سے پہلے نہیں سنی تھی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جبریل علیہ السلام تشریف لائے اور کہا ہلاکت ہے اس آدمی کیلئے جس نے رمضان کا پورا مہینہ پایا اور وہ اپنے گناہ نہ بخشوا سکا۔ میں نے جواب میں کہا: آمین۔ پھر جب میں نے دوسری سیڑھی پر قدم رکھا تو جبریل علیہ السلام نے کہا: ہلاکت ہو اس آدمی کیلئے جس کے سامنے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام لیا جائے اور وہ درود شریف نہ پڑھے۔ میں نے جواب میں کہا: آمین۔ پھر جب میں نے تیسری سیڑھی پر قدم رکھا تو جبریل علیہ السلام نے کہا: ہلاکت ہو اس آدمی کیلئے جس کے سامنے اس کے ماں باپ یا دونوں میں سے ایک بڑھاپے کی عمر کو پہنچے اور اس نے ان کی خدمت کر کے جنت حاصل نہ کی۔ میں نے جواب میں کہا: آمین۔ (حاکم)

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس کے سامنے میرا نام لیا جائے اور وہ درود شریف نہ پڑھے، وہ بخیل ہے۔ (ترمذی)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس مجلس میں لوگ اللہ کا ذکر کریں نہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھیں، وہ مجلس قیامت کے دن ان لوگوں کیلئے باعثِ حسرت ہوگی۔ خواہ وہ نیک اعمال کے بدلے جنت میں ہی کیوں نہ چلے جائیں۔ (احمد، ابن حبان، حاکم)

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو مجھ پر درود شریف پڑھنا بھول گیا، اس نے جنت کا راستہ کھو دیا۔ (ابن ماجہ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف نہ پڑھا جائے، کوئی دُعا قبول نہیں کی جاتی۔ (رواہ الدیلمی)

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ جب تک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف نہ پڑھا جائے، آدمی کی دُعا زمین و آسمان کے درمیان لٹکتی رہتی ہے۔ (ترمذی)

اللہ تعالیٰ درود شریف کیسے پڑھتے ہیں؟

مفتی حافظ محمد اشتیاق صاحب

سوال:

اللہ پڑھتا ہے درود اپنے حبیب پر
رحمان جو کرتا ہے وہ تم بھی کیا کرو

درود پاک کے حوالے سے اس نعتیہ شعر میں لفظ ''پڑھنا'' اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کرنا کیسا ہے؟ اگر جواب اثبات ہے تو وہ کون سے لفظ اور صیغے ہیں، جس میں اللہ تعالیٰ خود حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پڑھتے ہیں؟ علمی دلائل کے ساتھ جواب دیں۔ شکریہ

جواب:

اس نعتیہ شعر میں لفظ ''پڑھنا'' سے مراد ہے ''بھیجنا'' جیسا کہ قرآن میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا

هُوَ الَّذِي يُصَلِّي عَلَيْكُمْ وَمَلَائِكَتُهُ لِيُخْرِجَكُم مِّنَ الظُّلُمَاتِ إِلَى النُّورِ وَكَانَ بِالْمُؤْمِنِينَ رَحِيمًا (احزاب:43)

''وہی ہے جو تم پر درود بھیجتا ہے اور اس کے فرشتے بھی، تاکہ تمہیں اندھیروں سے نکال کر نور کی طرف لے جائے اور وہ مومنوں پر بڑی مہربانی فرمانے والا ہے''

دوسری جگہ ارشاد فرمایا

إِنَّ اللَّهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا صَلُّوا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوا تَسْلِيمًا (احزاب:56)

''بیشک اللہ اور اس کے (سب) فرشتے نبی (مکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) پر درود بھیجتے رہتے ہیں، اے ایمان والو! تم (بھی) اُن پر درود بھیجا کرو اور خوب سلام بھیجا کرو''

دونوں آیات میں روز روشن کی طرح واضح ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود بھیجتا ہے۔ ''پڑھنا'' بھیجنے کے معنیٰ میں ہے، اگر پڑھنا بھی مراد لیا جائے اور لفظ پڑھنا اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کیا جائے تو اس میں بھی شرعاً کوئی حرج نہیں ہے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ تمام الفاظ اور صیغوں کا مالک ہے۔ اللہ تعالیٰ کا پڑھنا اور انسانوں اور فرشتوں کا پڑھنا ایک جیسا نہیں ہے۔ اللہ کے پڑھنے کو انسانوں اور فرشتوں کے پڑھنے پر قیاس نہیں کیا جا سکتا۔ بہت ساری صفات اللہ تعالیٰ اور انسانوں میں مشترک ہیں۔ جیسے جاننا، سننا، دیکھنا، پکڑنا، گفتگو کرنا۔ یہ ساری کی ساری صفات خود اللہ تعالیٰ نے بتلائی ہیں۔ اب کیا اللہ تعالیٰ کی ان صفات کا انکار کیا جا سکتا ہے؟ یا یہ کہا جا سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اور انسانوں کی صفات ایک جیسی ہیں؟ اللہ کی صفات اور انسانوں کی صفات برابر ہو سکتی ہیں؟ ہرگز نہیں۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا

وَكَانَ اللَّهُ سَمِيعًا عَلِيمًا (النساء:148)

''اور اللہ خوب سننے والا جاننے والا ہے''

اب کیا آپ اللہ تعالیٰ کے سننے کا انکار کریں گے؟ کیا اللہ تعالیٰ کے لیے کان ثابت کریں گے؟ کیا اللہ تعالیٰ انسانوں کی طرح سنتا ہے؟ بالکل نہیں۔

وَكَانَ اللَّهُ عَلِيمًا حَكِيمًا (النساء:17)

''اور اللہ بڑے علم بڑی حکمت والا ہے''

اسی طرح فرمایا

وَمَنْ أَصْدَقُ مِنَ اللَّهِ حَدِيثًا

''اور اللہ سے بڑھ کر کس کا قول اور بات سچی ہے؟'' اللہ کے قول سے بڑھ کر کس کا قول اور بات اچھی ہو سکتی ہے؟ آپ بتائیں کہ اللہ تعالیٰ کن صیغوں میں گفتگو کرتا ہے؟ کن صیغوں میں بات اور کلام کرتا ہے؟ کیا اللہ تعالیٰ کی ان صفات کا آپ انکار کریں گے؟ اگر نہیں تو کیا اللہ تعالیٰ کے لیے

زبان ثابت کریں گے۔ کیا اللہ تعالیٰ انسانوں کی طرح گفتگو کرتا ہے؟ ہرگز نہیں۔

وَ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا (النساء:79)

''اور (آپ کی رسالت پر) اللہ گواہی میں کافی ہے''

آپ بتائیں اللہ کن صیغوں کے ساتھ گواہی دے گا؟ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ (الفتح:10)

''ان کے ہاتھوں پر (آپ کے ہاتھ کی صورت میں) اللہ کا ہاتھ ہے۔''

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ان کے ہاتھوں پر اللہ کا ہاتھ ہے۔ تو کیا اللہ کے لیے انسانوں کی طرح ہاتھ ثابت کریں گے؟

اللہ تعالیٰ نے فرمایا

فاذکرونی اذکرکم

''تم میرا ذکر کرو مجھے یاد کرو میں تم کو یاد کروں گا''

اب اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو کن صیغوں کے ساتھ یاد کرتا ہے؟ اللہ اپنے بندوں کا ذکر کیسے کرتا ہے؟

اسی طرح حدیث قدسی ہے کہ بندہ نفل کے ذریعہ میرا قرب حاصل کر لیتا ہے، یہاں تک کہ میں اس کے کان بن جاتا ہوں جن سے وہ سنتا ہے۔ اس کے ہاتھ بن جاتا ہوں جس سے وہ پکڑتا ہے۔ اس کی زبان بن جاتا ہوں جس سے وہ بولتا ہے، اس کے پاؤں بن جاتا ہوں جس سے وہ چلتا ہے۔ تو کیا اللہ تعالیٰ کے لئے ہاتھ، پاؤں، پکڑنا، بولنا، زبان...... یہ عام انسانوں کی طرح ثابت کریں گے؟ کیا انسانوں کی طرح اللہ کے بھی ہاتھ، پاؤں، کان اور زبان ہے؟ ہرگز نہیں۔ اللہ تعالیٰ ان سب سے پاک اور منزہ ہے لیکن اللہ سنتا بھی ہے، جانتا بھی ہے، گفتگو بھی کرتا ہے، پڑھتا بھی ہے، دیکھتا بھی ہے لیکن جس طرح اللہ تعالیٰ سننے کے لئے کانوں کا محتاج نہیں ہے۔ پکڑنے کے لئے ہاتھوں کا محتاج نہیں ہے۔ چلنے کے لئے پاؤں کا، کلام اور گفتگو کے لئے زبان کا محتاج نہیں ہے۔ بالکل اسی طرح اللہ تعالیٰ پڑھنے کے لئے صیغوں کا محتاج نہیں ہے۔ ساری صفات اللہ تعالیٰ میں موجود ہیں، اللہ تعالیٰ نے ہی ان کو پیدا فرمایا لیکن اللہ کے لئے تمام انسانوں کی طرح صفات ثابت نہیں کریں گے۔

جس طرح اللہ کلام کرتا ہے، گفتگو کرتا ہے اس کے لیے کوئی صیغہ موجود نہیں ہے تو پھر جب اللہ تعالیٰ حضور علیہ الصلوۃ والسلام پر درود بھیجتا ہے یا پڑھتا ہے تو اس کے لئے بھی کوئی صیغہ موجود نہیں ہے۔ امید ہے کہ آپ کو لفظ ''پڑھنا'' کا مفہوم اور اس کو اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کرنا سمجھ آ گیا ہوگا۔

اگر لفظ پڑھنا اللہ کی طرف منسوب کرنا جائز نہیں تو پھر سننا، بولنا، پکڑنا، جاننا، گفتگو کرنا بھی جائز نہیں۔ اگر یہ ساری صفات اللہ کے لیے ثابت اور جائز ہیں تو پھر پڑھنا بھی جائز ہے اور اس کو اللہ کی طرف منسوب کرنا بھی جائز ہے۔

واللہ اعلم بالصواب۔

دُرودِ پاک کے ممنوع مقامات

یہ وہ مقامات اور احوال ہیں جن میں دُرود پاک کا پڑھنا منع ہے۔ ان مقامات پر دُرود پاک کا پڑھنا کراہیت اور بے ادبی کا باعث ہے۔

(1)...... تاجر کا سامان تجارت کھول کر دکھاتے وقت۔ (شامی صفحہ ۵۹۸، بحر الرائق صفحہ نمبر ۳۴۷)

(2)...... کسی بڑے آدمی کے آنے کی اطلاع کی غرض سے دُرود کا پڑھنا۔ (دُرمختار صفحہ ۵۱۸)

(3)...... مباشرت کے وقت۔ (4)...... پاخانہ، پیشاب کے وقت۔ (5)...... حیرت اور تعجب کے وقت۔ (6)...... ذبح کے وقت (احناف کے یہاں ورنہ شوافع کے یہاں بہتر ہے)۔ (7)...... خطیب کے خطبہ دینے کے وقت اگر نام آئے (ایسے وقت آہستہ دل سے پڑھے)۔ (8)...... ٹھوکر کھانے کے وقت۔ (9)...... فرض نماز کے اندر۔ (10)...... قعدہ اخیرہ کے علاوہ میں۔ (شامی جلد ۱ صفحہ ۵۱۸)

(مولانا محمود الحسن، کراچی)

دار العمل چشتیہ

کی روحانی علاج گاہ کی

خدمات سے فائدہ اٹھائیں

آج کل ہر کوئی کسی نہ کسی درجہ میں پریشان ہے۔ شاید ہی کوئی ایسا انسان ہ
جس کو کوئی پریشانی نہ ہو۔ پریشانی کے حل کے لئے ہر کوئی اپنے بس میں جہاں تک
ممکن ہو، تدابیر اختیار کرتا ہے۔ ان تدابیر میں روحانی تدابیر بھی ہیں جن سے و
فائدہ ممکن ہے، جو اکثر اوقات دنیوی تدابیر سے ممکن نہیں ہوتا۔ ذیل میں مختصر تفصیل
دی جارہی ہے، جس کو پڑھ کر آپ کو معلوم ہوگا کہ روحانی علاج کن مقاصد میں آپ
کے لئے مفید ہوسکتا ہے۔

معاشی مسائل 8 قرض ادا نہ ہونا، قرض وصول نہ ہونا، تنگیٔ رزق، نوکری نہ ملنا یا جلدی چھوٹ جانا، کاروبار نہ چلنا، جو بھی کام کریں اس میں نقصان ہی ہونا، پیسہ آنا مگر خرچ ہوجانا، بیرونِ ملک سفر میں رکاوٹ ہونا۔

تعلیمی مسائل 8 سبق یاد نہ ہونا، پڑھنے میں دل نہ لگنا، یاد ہونے کے باوجود غلطی کرنا، امتحان میں نتیجہ اچھا نہ آنا یا فیل ہونا۔

شادی کے مسائل 8 رشتہ نہ آنا، رشتہ آنا مگر طے نہ ہونا، خاص جگہ پر شادی ہونے میں رکاوٹ، منگنی ہوکر یا رشتہ طے ہوکر ٹوٹ جانا وغیرہ۔

زوجین کے مسائل 8 زبان دراز ہونا، گالیاں دینا، مارنا پیٹنا، خرچہ نہ دینا، باہر عورتوں میں دلچسپی رکھنا، ناجائز تعلقات، طلاق یا خلع تک معاملہ پہنچنا، ساس سسر نند بھاوج وغیرہ کے ناجائز رویے، گھر والوں کا آپس میں لڑنا، گھر والوں کا ایک دوسرے کی عزت نہ کرنا وغیرہ۔

اولاد کے مسائل: نافرمانی، غلط راہ پر چلنا، بچوں کا آپس میں لڑنا وغیرہ۔

دشمن کے مسائل: جان کا دشمن ہوجانا، ناجائز مقدمہ کر دینا، جائیداد یا حق پر قبضہ کرلینا، جادو ٹونہ کرواتے رہنا، زبان سے نقصان دینا وغیرہ۔

جادو کی تخریب کاریاں 8 رشتہ، صحت، اولاد، کاروبار، معاش، ترقی، عزت، کسی بھی قسم کی بندش ونقصان کرنا۔

جنات کی قسم ظریفیاں 8 نظر آنا، دباؤ ڈالنا، ڈرانا، آوازیں آنا، چھت پر چلنے پھرنے کی آوازیں آنا، رونے ہنسنے کی آوازیں آنا، چیز یا رقم کا چوری ہونا، چیزوں کا اپنی جگہ سے غائب ہوکر دوسری جگہ سے ملنا، خون پانی تیل وغیرہ کی چھینٹیں پڑنا، گھر میں موجودگی کا احساس ہونا وغیرہ۔

جسمانی امراض 8 علاج کروانے کے باوجود بیماری کا ٹھیک نہ ہونا، رپورٹس ٹھیک آنے کے باوجود بیماریاں ہونا، ایک بیماری کا ٹھیک ہونا تو دوسری کا لگ جانا، مسلسل گھر میں بیماری کا ڈیرے جمائے رکھنا، بڑی بیماریاں مثلاً کینسر، دل وجگر ودماغ کے امراض وغیرہ۔

خواتین کے خاص امراض 8 اولاد نہ ہونا، حمل کا اسقاط ہونا یا ہوتے رہنا، صرف لڑکیاں ہونا، اولادِ نرینہ کا حصول، رحم کے ہر قسم کے امراض

نفسیاتی امراض 8 غصہ، خوف، مایوسی، شہوت، بے سکونی، دہشت، وہم، وساوس کی کثرت، خیالوں میں کھوئے رہنا وغیرہ۔

اگر درج بالا مسائل میں سے آپ کسی مسئلہ یا مسائل کا شکار ہیں یا کوئی اور جائز خواہش یا دنیوی مقصد ہے تو اعتماد کے ساتھ تفصیل سے خط لکھیں، E-mail کریں، فون کریں یا بالمشافہ ملاقات کرلیں۔ عام ملاقات بروز اتوار شام 4 بجے تا 7 بجے کی جاتی ہے۔

ناظم: مولانا علی آفاق صاحب 0324/0344-8439477 (صبح 11 تا 5 بجے، علاوہ جمعہ) نائب ناظم: مولانا سلیم اللہ ظفر صاحب 0343-4686217 (صبح 10 تا 5 بجے، علاوہ جمعہ)

روحانی علاج گاہ دار العمل چشتیہ، لاہور، پاکستان

ruhaniilajgah
+ruhaniilajgah96 ruhaniilajgah

خط وکتابت کا پتہ: پوسٹ بکس 9119، لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570 فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر): 0343-7772772 (صبح 11 سے شام 5 بجے، علاوہ جمعہ واتوار)

darulamal.org/ruhaniilajgah ruhaniilajgah@gmail.com +92-322-7772772

خاص خاص درود شریف اور ان کے فوائد

استاذ العاملین حضرت مولانا حسن الہاشمی صاحب (دیوبند، انڈیا)

درودِ عام

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ حُسْنِہٖ وَجَمَالِہٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ

طریقۂ زکوٰۃ

اس درود کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ بعد نماز عشاء روزانہ تین سو اکتیس (331) مرتبہ پڑھے۔ زکوٰۃ کی شروعات نوچندی جمعرات سے کرے۔ اور لگاتار اکتالیس (41) دن تک پڑھے۔ آخری دن کچھ شیرینی کمسن بچوں میں تقسیم کردیں۔ انشاء اللہ زکوٰۃ ادا ہوگی۔ زکوٰۃ کی ادائیگی کے بعد اس درود سے مندرجہ ذیل فائدے حاصل کریں:

گھریلو جھگڑوں سے نجات

اگر گھر میں امن وسکون نہیں ہے، گھر میں جھگڑے رہتے ہوں اور ہر شخص دوسرے کو پھاڑ کھانے کو دوڑتا ہو اور معمولی معمولی باتوں پر فساد پیدا ہوجاتا ہو تو ان کیفیات سے نجات پانے کے لئے ہر فرض نماز کے بعد گیارہ (11) مرتبہ ''درودِ عام'' پڑھیں اور نمازِ فجر کے بعد پڑھ کر ایک جگ پانی پر دم کرلیں اور لگاتار گیارہ (11) دن تک تمام گھر والوں کو پلائیں۔ انشاء اللہ گھر میں امن وامان قائم ہوگا اور ہر وقت کے جھگڑوں سے نجات مل جائے گی۔

گمشدہ چیز ملے یا اطلاع ہو

اگر کسی کی کوئی چیز گم ہوگئی ہو یا اگر کوئی اپنی کوئی چیز کہیں رکھ کر بھول گیا ہو تو رات کو نمازِ عشاء کے بعد سونے سے پہلے باوضو ہو کر ایک سو گیارہ (111) مرتبہ مذکورہ درود پڑھ کر سو جائیں اور اس عمل کو گیارہ (11) دن تک جاری رکھیں۔ انشاء اللہ اس عرصے میں وہ چیز مل جائے گی یا خواب میں اس کی طرف اشارہ ہوجائے گا۔

بھولا راستہ یاد آئے

اگر کوئی راستہ بھول گیا ہو تو درودِ عام کو لاتعداد مرتبہ پڑھنا شروع کر دے۔ انشاء اللہ اسے راستہ یاد آجائے گا۔

نجات از دماغی مفلوجی

اگر کسی بیماری کی وجہ سے دماغ مفلوج ہو کر رہ گیا ہو اور کوئی بات ذہن نشین نہ ہوتی ہو تو روزانہ تین سو (300) مرتبہ درودِ عام پڑھیں۔ انشاء اللہ دماغ میں ایک نئی قوت پیدا ہوگی۔

نجات از غربت وافلاس

غربت وافلاس کو دور کرنے کے لئے ہر فرض نماز کے بعد درودِ عام کو دو سو (200) مرتبہ پڑھیں اور جمعہ کی نماز کے بعد پانچ سو (500) مرتبہ پڑھیں اور اس عمل کو لگاتار چالیس (40) دن تک جاری رکھیں۔ انشاء اللہ غربت وافلاس سے نجات مل جائیگی۔

ڈیوٹی آفیسر پریشان نہ کرے

اگر دورانِ ملازمت اور دورانِ ڈیوٹی کوئی افسر پریشان کرے تو اپنی سیٹ پر بیٹھنے سے پہلے اکیس (21) مرتبہ درودِ عام پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلے۔ انشاء اللہ سکون وعافیت کے ساتھ وقت کٹے گا۔

☆..........☆..........☆..........☆..........☆

درودِ ابراہیم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

طریقۂ زکوٰۃ

درودِ ابراہیم کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ ایک سو ایک (101) مرتبہ

ایک سو (100) دن تک پڑھیں۔ آخری دن گیارہ غریبوں کو کھانا کھلائیں۔ انشاءاللہ زکوٰۃ ادا ہوگی۔ زکوٰۃ ادائیگی کے بعد مندرجہ ذیل فوائد حاصل کریں:

حفاظت از طاعون

اگر کسی جگہ طاعون پھیل گیا ہو تو وہاں سوا لاکھ مرتبہ درودِ ابراہیم پڑھا جائے۔ ایک وقت میں اکیس (21) آدمی بھی یہ عمل کر سکتے ہیں تا کہ تعداد جلدی پوری ہو جائے۔ اور زیادہ سے زیادہ گیارہ (11) دنوں میں سوا لاکھ کی تعداد پوری کرنی چاہئے۔ تین، گیارہ یا اکیس آدمی مل کر پڑھ سکتے ہیں لیکن ان پڑھنے والوں میں ایک آدمی ایسا ہونا چاہئے کہ جس نے درود ابراہیم کی زکوٰۃ ادا کر رکھی ہو۔

شفاء از عارضۂ قلب

اگر کوئی شخص عارضۂ قلب میں مبتلا ہو تو نماز فجر کے بعد تین سو پندرہ (315) مرتبہ درود شریف پڑھیں اور اپنے قلب پر دم کریں اور اس عمل کو گیارہ (11) دن تک جاری رکھیں۔

مقدمہ، لڑائی یا امتحان میں کامیابی

مقدمہ، لڑائی یا امتحان میں کامیابی کے لئے ہر فرض نماز کے بعد اکیس (21) مرتبہ درودِ ابراہیم پڑھیں اور اس عمل کو چالیس (40) دن تک جاری رکھیں۔

دفع جادو ٹونہ

جادو ٹونے کے اثرات کو زائل کرنے کے لئے چالیس (40) دن تک روزانہ ایک سو اکیاون (151) مرتبہ درودِ ابراہیم پڑھیں۔

جھوٹے مقدمے سے نجات

اگر کوئی جھوٹے مقدمے میں پھنسا دیا گیا ہو تو جس دن مقدمہ کی تاریخ ہو، اسی دن تہجد کی نماز پڑھ کر سات سو (700) مرتبہ درودِ ابراہیم پڑھ کر اپنی کامیابی کی دعا کرے۔ انشاءاللہ مقدمہ جیت جائے گا۔

یادداشت کی بحالی

اگر کسی کی یادداشت کم ہوگئی ہو تو اس کو چاہئے کہ ہر فرض نماز کے بعد گیارہ (11) مرتبہ درود شریف پڑھ کر "یَا رَحْمٰنُ وَ رَحِیْمُ" سو (100) مرتبہ پڑھے۔ پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاءاللہ یادداشت بحال ہو جائے گی۔

☆........☆........☆........☆........☆

درودِ تسخیر

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَتَوَجَّهُ وَ اَتَقَرَّبُ اِلَیْکَ وَ اَسْئَلُکَ بِالصَّلٰوةِ عَلَی النَّبِیِّ مَعْدَنِ الْوُجُوْدِ وَ السَّخَاوَةِ وَ مَعْدَنِ الْاِخْلَاقِ وَ الْمُرُوَّةِ وَ مَعْدَنِ الْاَلْطَافِ وَ الْمَوَدَّةِ وَ مَعْدَنِ التَّسْخِیْرِ وَ الْمُحَبَّةِ وَ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ عَلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَاۤءِ وَ الْمَحْبُوْبِیْنَ اَللّٰھُمَّ سَخِّرْ وَ اَلِّفْ بَیْنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ الْمُسْلِمِیْنَ کَمَا سَخَّرْتَ وَ اَلَّفْتَ بَیْنَ الْاَنْبِیَاۤءِ وَ الْمُرْسَلِیْنَ وَ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِمْ اَجْمَعِیْنَ۔

طریقہ زکوٰۃ

اس درود کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ اکیس (21) مرتبہ روزانہ لگاتار ایک سو بیس (120) دن تک پڑھے۔ آخری دن سبز رنگ کی چادر اوڑھ کر دو نفلیں پڑھے اور اس درود کو ایک سو اکیس (121) مرتبہ پڑھ کر اپنے قلب پر دم کرلے۔ انشاءاللہ زکوٰۃ ادا ہوگی۔ اس کے بعد اس کے فوائد اس طرح حاصل کریں:

برائے محبت و تسخیر

محبت اور تسخیر کے ہر عمل کے شروع اور آخر میں درودِ تسخیر گیارہ (11) مرتبہ پڑھیں اور جب دونوں کے درمیان محبت پیدا کرانی ہو تو کسی شربت پر درودِ تسخیر گیارہ (11) مرتبہ پڑھ کر دم کر کے دونوں کو پلائیں۔ انشاءاللہ ان کے دلوں کی کدورتیں دور ہو جائیں گی۔ اور وہ ایک دوسرے سے محبت کرنے لگیں گے۔

☆........☆........☆........☆........☆

اس کے لئے تباہی ہے جس کی عزت اس کے ڈر کی وجہ سے کی جائے (ارشاد نبوی ﷺ)

درودِ چشتیہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ ذَرَّةٍ اَلْفَ اَلْفِ مَرَّةٍ وَّ اٰلِهٖ وَبَارِكْ وَ سَلِّمْ۔

طریقۂ زکوٰۃ

درودِ چشتیہ کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ نمازِ عشاء کے بعد پانچ سو پچاس (550) مرتبہ پڑھیں۔ اور چلے کے دوران ہر فرض نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ چالیس (40) دن میں انشاء اللہ زکوٰۃ ادا ہوگی۔ عروجِ ماہ میں کسی جمعرات سے یہ عمل شروع کریں۔ زکوٰۃ ادائیگی کے بعد مندرجہ ذیل فوائد حاصل کریں۔ انشاء اللہ کامیابی ملے گی۔

قیدی رہا ہو

اگر کوئی شخص ناحق گرفتار ہوگیا ہو تو ہر فرض نماز کے بعد گیارہ (11) مرتبہ درودِ چشتیہ پڑھ کر ایک سو آٹھ (108) مرتبہ "یَا حَقُّ" پڑھیں اور قیدی کے لئے دعا کریں۔ گیارہ (11) دن تک اس عمل کو جاری رکھیں۔

مصیبت سے نجات

اگر کوئی شخص مصیبت کا شکار ہوجائے تو تین مرتبہ درودِ چشتیہ پڑھنے کے بعد سات مرتبہ "یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ" پڑھیں۔ پھر تین مرتبہ درود پڑھیں اور دعا کریں۔ انشاء اللہ گیارہ (11) دن کے اندر مصیبت سے نجات ملے گی۔

میاں بیوی میں اتفاق ہو

اگر میاں بیوی میں جھگڑا رہتا ہو تو تین مرتبہ درودِ چشتیہ پڑھنے کے بعد تین مرتبہ یہ کلمات پڑھیں۔ "اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الشِّقَاقِ وَالنِّفَاقِ وَسُوْءِ الْاَخْلَاقِ"۔ اس کے بعد پھر تین مرتبہ مذکورہ درود پڑھ کر پانی پر دم کر کے دونوں میاں بیوی اس پانی کو پی لیں اور اس عمل کو گیارہ (11) دن تک لگاتار کریں۔ انشاء اللہ آپس کے اختلافات سے نجات ملے گی۔

شفاء از دیوانگی و کوڑھ

اگر کوئی شخص دیوانگی یا کوڑھ میں مبتلا ہو تو اس کو چاہئے کہ ہر فرض نماز کے بعد گیارہ (11) مرتبہ درودِ چشتیہ پڑھ کر گیارہ (11) مرتبہ یہ دعا پڑھے۔ "اللّٰھم انی اعوذبک من البرص والجنون والجذام وسیئ الاسقام"۔ پھر گیارہ (11) مرتبہ مذکورہ درود پڑھے۔ اس عمل کو اکیس (21) روز تک لگاتار کرے۔ انشاء اللہ دیوانگی اور برص وغیرہ سے نجات ملے گی۔

شفاء از بانجھ پن

اگر کوئی عورت بانجھ ہو تو اس کو چاہئے کہ چالیس (40) دن تک ہر فرض نماز کے بعد گیارہ (11) مرتبہ درودِ چشتیہ پڑھے اور سو مرتبہ "یا باری المصور" پڑھے۔ اس کے بعد پھر گیارہ مرتبہ مذکورہ درود پڑھے۔ اس عمل کو چالیس (40) دن کرے۔ درمیان میں جو وقفہ ہوجاتا ہے، اس میں ترک کر کے بعد میں چالیس دن کی تعداد پوری کرے۔ انشاء اللہ بانجھ پن سے نجات ملے گی۔

پریشانی سے نجات

کسی بھی طرح کی پریشانی لاحق ہو، اس سے نجات حاصل کرنے کے لئے مغرب کے بعد دو سو (200) مرتبہ درودِ چشتیہ پڑھیں، لگاتار گیارہ (11) دن تک۔ انشاء اللہ پریشانی سے نجات مل جائے گی۔

☆.........☆.........☆.........☆.........☆

درودِ اعمال

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ مَّادَامَتِ الصَّلٰوةُ وَ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ مَّادَامَتِ الْبَرَكَاتُ وَ ارْحَمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِى الْقُبُوْرِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

طریقۂ زکوٰۃ

اس درود کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ چالیس (40) مرتبہ چالیس

(40) دن بہ نیت زکوۃ پڑھیں۔ انشاء اللہ زکوۃ ادا ہوگی۔

وظیفے کامیاب ہوں

اس کے بعد اس درود کو ہر طرح کے عمل اور ہر طرح کے وظیفے کے شروع وآخیر میں پڑھیں، انشاء اللہ عمل میں کامیابی ملے گی۔

ذکر بارگاہِ خداوندی میں مقبول ہو

اور وظائف و اوراد بارگاہِ خداوندی میں مقبول ہوں گے۔

دعائیں قبول ہوں

دعاؤں کی قبولیت کے لئے اس درود کو اپنی دعا کے شروع وآخر میں پڑھنا چاہئے۔

☆..........☆..........☆..........☆..........☆

درودِ خواجگان

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ

طریقۂ زکوۃ

اس درود کی زکوۃ یہ ہے کہ تین سو ساٹھ (360) مرتبہ چالیس (40) دن تک پڑھے۔ انشاء اللہ زکوۃ ادا ہوگی۔ اس کے بعد مندرجہ ذیل فوائد حاصل کریں۔

ہر طرح کی بیماری دور ہو

کسی بھی طرح کی بیماری ہو، درودِ خواجگان سات مرتبہ مریض پر دم کرے اور سات مرتبہ پڑھ کر ایک بوتل پانی پر دم کر کے سات روز تک نہار منہ اور سوتے وقت پلائے۔ انشاء اللہ کیسا بھی مرض ہوگا، رفع ہو جائے گا۔

روزگار میں خیر و برکت

روزگار میں خیر و برکت کے لئے ہر فرض نماز کے بعد سات مرتبہ سورہ الم نشرح پڑھیں اور ایک ایک مرتبہ آگے پیچھے درودِ خواجگان پڑھیں۔

گھر آفات و مصائب سے محفوظ رہے

اپنے گھر کو آفات و مصائب سے محفوظ رکھنے کے لئے صبح و شام تین مرتبہ آیت الکرسی پڑھیں اور آگے پیچھے تین تین مرتبہ درودِ خواجگان پڑھیں۔

مقدمہ میں کامیابی

مقدمہ میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے ایک مجلس میں چالیس ہزار (40000) مرتبہ درودِ خواجگان پڑھیں۔ پڑھنے والوں کی تعداد سات سے کم نہ ہو اور پندرہ سے زائد نہ ہو۔ ایک ہی دن کا عمل ہے۔ کسی بھی تاریخ مقدمہ سے یا تاریخ فیصلہ سے ایک دن پہلے یہ عمل کریں۔

☆..........☆..........☆..........☆..........☆

درودِ تُنَجِّیْنَا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ صَلٰوۃً تُنَجِّیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَ تَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَ تُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّئَاتِ وَ تَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَکَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَ تُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیٰوۃِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

طریقۂ زکوۃ

طریقۂ زکوۃ یہ ہے کہ عروج ماہ میں جمعرات کے دن شروع کرے اور روزانہ بعد نماز عشاء تین سو ساٹھ (360) مرتبہ چالیس (40) دن تک لگاتار پڑھے۔ الگ تھلگ مقام پر پڑھے اور اگر دوران عمل احرام باندھ لے تو افضل ہے۔ چالیس (40) دن تک کسی سے غیر ضروری بات نہ کرے۔ خود کو معتکف کی طرح بنائے رکھے۔ چالیسویں دن اہلِ بیت کو ایصال ثواب کرے اور بچوں کو شیرینی تقسیم کر دے۔ انشاء اللہ زکوۃ ادا ہوگی۔ زکوۃ کی ادائیگی کے بعد روزانہ گیارہ (11) مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائے۔ اس درود کا عامل درجہ کمال کو پہنچا ہوا ہوتا ہے۔ بار بار زیارت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مشرف ہوتا ہے۔ تسخیر و محبت میں دسترس حاصل کر

لیتا ہے۔ حکام سلاطین اس کے مطیع اور تابعدار ہوتے ہیں۔ اس کی طرف عوام الناس کا رجوع ہوتا ہے۔ زبان پُر تاثیر ہوتی ہے۔ دشمن زیر ہوتے ہیں اور اللہ کے فضل و کرم سے تمام مخلوقات مسخر ہوتی ہیں۔

اس درود کی اصلیت یہ ہے کہ ایک بار مسلمانوں کی ایک کشتی دورانِ سفر طوفان میں گھر گئی، مسافر زندگی سے بالکل مایوس ہو گئے۔ ایک مسافر پر غنودگی سی طاری ہو گئی۔ اس نے دیکھا کہ سرور کائنات محمد ﷺ تشریف لائے اور آپ ﷺ نے اس درود کی تعلیم دی اور فرمایا کہ سب کو یہ درود پڑھ کر سناؤ اور سب کو یہ درود پڑھنے کی تاکید کرو اور سب سے کہو کہ اس موقعہ پر ایک ہزار (1000) مرتبہ یہ درود پڑھیں۔ اس مسافر نے سب سے یہ درود پڑھنے کی تاکید کی اور پھر سب نے یہ درود ایک ہزار (1000) مرتبہ پڑھا لیکن ابھی تین سو (300) مرتبہ ہی پڑھنے کی نوبت آئی تھی کہ طوفان ٹل گیا اور کشتی والوں کو عافیت عطا ہوئی۔ موجیں پر سکون ہو گئیں اور مسافروں نے اللہ کا شکر ادا کیا۔

یہ درود شریف بہت مشہور ہے۔ مگر اس کے فضائل اور اسکی کرامتوں سے عوام ناواقف ہیں۔ صرف عاملین اس کی برکات سے واقف ہیں۔ اس کے پڑھنے کے طریقے بھی سینہ بہ سینہ چلے آرہے ہیں۔ یہ درود ہر مشکل میں کام آتا ہے۔

پڑھنے کا پہلا طریقہ

ایام بیض میں تین روزے رکھے۔ یعنی چاند کی ۱۳، ۱۴، ۱۵ کو اور رات کو بعد نمازِ عشاء نفل پڑھے۔ پھر دوزانو بیٹھے اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عقیدت و محبت میں ڈوب کر ایک ہزار (1000) مرتبہ درودِ تنجینا پڑھے۔ اس عمل کو لگاتار کسی بھی حاجت کے لئے تین دن تک پڑھے۔ اگر بفضل خداوندی پہلے ہی دن کام ہو جائے، تب بھی عمل تین دن تک جاری رکھے۔ ہر دن روزہ رکھے اور رات کو عمل کرے۔

ہر حاجت پوری ہو

اگر کوئی شخص بعد نماز عشاء یہ درود ایک سو (100) مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائے تو اس کی ہر حاجت دینی اور دنیاوی پوری ہوتی رہے گی۔

زیارت سرورِ دو عالم ﷺ نصیب ہو

اگر کوئی شب جمعہ میں ایک ہزار (1000) مرتبہ یہ درود پڑھ کر کسی سے بات کئے بغیر پاک صاف اور خوشبو دار بستر پر سو جائے گا تو اس کو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت نصیب ہوگی۔

پریشانی اور مصیبت سے نجات

پریشانی، خطرات اور مصائب کے وقت درود تنجینا یومیہ ستر (70) مرتبہ پڑھے۔ طریقہ یہ ہے کہ نصف شب کو اٹھ کر دو رکعت نفل ادا کرے اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد تین تین بار سورۂ اخلاص اور اس کا ثواب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور اہلِ بیت کو پہنچائے۔ پھر ستر (70) مرتبہ یہ درود پڑھے۔

اور اس سے زیادہ آسان طریقہ یہ ہے کہ ہر فرض نماز کے بعد تیرہ (13) مرتبہ پڑھے اور اپنی حاجت یا مشکل کا اپنے دل میں تصور رکھے۔ انشاء اللہ حاجت پوری ہوگی اور مصائب سے چھٹکارا نصیب ہوگا۔

حاجتیں پوری ہوں

اگر کوئی حاجت پوری نہ ہو تو تب بھی اس عمل سے دین و دنیا کی فلاح حاصل ہوتی ہے اور پڑھنے والا لوگوں کی نظروں میں مکرم اور معزز ہو جاتا ہے۔

یہ بات ذہن نشین رہے کہ کوئی بھی عمل ہو، اس میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے یقینِ کامل کا ہونا ضروری ہے۔ اگر یقین میں کمی ہوگی تو کامیابی کے حصول میں دیر لگے گی کیونکہ یقین ہی کامیابی کا زینہ ہے۔ جو لوگ تردد، تذبذب اور بے یقینی میں مبتلا ہو کر کوئی بھی عمل کرتے ہیں، وہ بالعموم ناکام ہو جاتے ہیں اور جن حضرات کا یقین بڑھا ہوا ہوتا ہے، انہیں کسی بھی عمل میں ناکامی نہیں ہوتی۔ اس لئے تمام قارئین سے درخواست ہے کہ مذکورہ کسی بھی درود شریف کی برکات حاصل کرنے کے لئے اپنے دل میں یقین پیدا کریں۔ اگر آپ کو مطلوبہ یقین حاصل ہو گیا تو پھر درود شریف

کے فیوض و برکات سے آپ پوری طرح مستفیض ہوں گے اور ہر ہر عمل میں آپ کو بھرپور کامیابی ملے گی۔

یہ بات بھی یاد رہے کہ کامیابی کا حصول اللہ کے فضل پر موقوف ہے۔ اس لئے عامل کو چاہئے کہ وہ اپنے یقین کو مستحکم کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے رب سے رحمتوں کا امیدوار رہے اور یہ یقین بھی اپنے دل میں جاگزیں کرے کہ رب کے رحم و کرم پر کامیابیوں کا دارومدار ہے۔

☆.........☆.........☆.........☆.........☆

درودِ سعادت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَافِیْ عِلْمِ اللہِ صَلٰوۃً دَائِمَۃً بِدَوَامِ مُلْکِ اللہِ۔

طریقۂ زکوٰۃ

اس درود کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ گیارہ سو (1100) مرتبہ روزانہ گیارہ (11) دن تک پڑھیں۔ انشاء اللہ زکوٰۃ ادا ہو گی۔ اس کے بعد اس درود کو مغرب کی نماز کے بعد گیارہ (11) مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائے۔

سعادت حاصل کرنا

کسی بھی طرح کی سعادت حاصل کرنے کے لئے اگر اس درود کو گیارہ سو (1100) مرتبہ تین روز تک پڑھے گا تو انشاء اللہ مطلوبہ سعادت حاصل ہو جائے گی۔

ایک لاکھ درود شریف کا ثواب

بزرگوں نے فرمایا ہے کہ اس درود کو اگر ایک مرتبہ بھی کوئی پڑھے گا تو اس کو ایک لاکھ مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کا ثواب ملے گا۔

☆.........☆.........☆.........☆.........☆

درودِ مقبول

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ نِ النَّبِیِّ وَ اَزْوَاجِہٖ اُمَّھَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَ ذُرِّیَّتِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

طریقۂ زکوٰۃ

درود مقبول کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ چالیس (40) مرتبہ روزانہ سات (7) روز تک پڑھیں۔ اگر عروج ماہ میں زکوٰۃ ادا کریں تو بہتر ہے۔

عمل مقبول ہو

جب بھی کوئی اہم عمل کریں تو اس عمل کے آگے پیچھے درودِ مقبول کو سات سات مرتبہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ عمل بارگاہِ خداوندی میں مقبول ہو گا۔

☆.........☆.........☆.........☆.........☆

درودِ نجات

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْ صَلَوَاتِکَ شَیْءٌ وَ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْ بَرَکَاتِکَ شَیْءٌ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنَ السَّلَامِ شَیْءٌ۔

طریقۂ زکوٰۃ

اس درود کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ عروج ماہ میں اس کو سو (100) مرتبہ روزانہ گیارہ (11) دن تک پڑھیں۔ انشاء اللہ زکوٰۃ ادا ہو گی۔ اس کے بعد ہر جمعہ کو یہ درود شریف چالیس (40) مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائیں۔

الزام سے بری ہو

اگر کوئی شخص کسی الزام میں گرفتار ہو، اس کے لئے دو رکعت نفل پڑھ کر درودِ نجات چالیس (40) مرتبہ پڑھیں اور اس کے لئے دعا کریں۔ انشاء اللہ وہ جھوٹے الزام سے بری ہو جائے گا۔

مقدمہ سے نجات

اسی طرح ہر اس شخص کے لئے عمل کریں جو کسی مقدمہ وغیرہ میں ناحق پھنسا دیا گیا ہو۔ انشاء اللہ چند بار یہ عمل کرنے سے اس کو مقدمہ سے نجات حاصل ہو جائے گی۔

☆.........☆.........☆.........☆.........☆

اگر کوئی چیز تیرے دل میں کھٹکے تو سمجھ لے کہ وہ گناہ ہے (ارشاد نبوی ﷺ)

درودِ مسعود

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ صَلٰوتِكَ وَبَرَكَاتِكَ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَاِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَخَاتِمِ النَّبِيِّيْنَ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ اِمَامِ الْخَيْرِ وَقَائِدِ الْخَيْرِ وَاِمَامِ الرَّحْمَةِ. اَللّٰھُمَّ ابْعَثْهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الَّذِيْ يَغْبِطُهُ بِهِ الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ۔

طریقۂ زکوٰۃ

اس درود کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ عروج ماہ میں اکیس (21) روز تک پڑھیں۔ ان شاءاللہ زکوٰۃ ادا ہوگی۔ اس کے بعد روزانہ کسی بھی وقت ایک مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائیں۔

عمل مقبول ہو

کسی بھی اچھے کام کے بعد اگر اس درود شریف کو ایک مرتبہ پڑھیں گے تو وہ اچھا کام اللہ کی بارگاہ میں مقبول ہوگا۔

دعا قبول ہو

کسی دوسرے کے لئے دعا کرتے وقت درودِ مسعود کو اپنی دعا کے شروع و آخر میں ایک ایک مرتبہ پڑھیں، ان شاءاللہ دعا قبول ہوگی۔

☆☆☆☆☆

درودِ منتہٰی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ عَدَدَ مَنْ صَلّٰى عَلَيْهِ مِنْ خَلْقِكَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ كَمَا يَنْبَغِيْ لَنَا اَنْ نُّصَلِّيَ عَلَيْهِ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ كَمَا اَمَرْتَنَا اَنْ نُّصَلِّيَ عَلَيْهِ۔

طریقۂ زکوٰۃ

درودِ منتہٰی کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ عروجِ ماہ میں اس درود کو گیارہ (11) مرتبہ گیارہ (11) دن تک لگاتار پڑھیں۔ انشاءاللہ زکوٰۃ ادا ہوگی۔ اس کے بعد پیر کے دن اس درود کو گیارہ (11) مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائیں۔

گمشدہ شخص یا چیز ملے

اگر کوئی شخص گم ہوگیا ہو یا کوئی چیز گم ہوگئی ہو تو اس چیز کے ملنے کی دعا کریں اور گیارہ گیارہ مرتبہ اپنی دعا کے شروع اور آخر میں درودِ منتہٰی پڑھیں۔ ان شاءاللہ وہ شخص یا وہ چیز مل جائے گی یا اس کا سراغ مل جائے گا۔

☆☆☆☆☆

درودِ کمال

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ. اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ. اَللّٰھُمَّ وَتَرَحَّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا تَرَحَّمْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ. اَللّٰھُمَّ وَتَحَنَّنْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا تَحَنَّنْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ. اَللّٰھُمَّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا سَلَّمْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ.

طریقۂ زکوٰۃ

اس درود کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ ان پانچوں درود کو دائیں ہاتھ کی انگلیوں پر شمار کر کے ماہِ رمضان میں پہلی تاریخ سے ستائیسویں تاریخ تک بعد نمازِ عشاء، تراویح سے فارغ ہونے کے بعد پندرہ (15) مرتبہ پڑھے۔ ان شاءاللہ زکوٰۃ ادا ہوگی۔ اس کے بعد ہر سال ماہِ رمضان میں پانچ مرتبہ روزانہ انہیں پہلی تاریخ سے ستائیسویں تاریخ تک عشاء کے بعد پڑھتا رہے۔

کامیابی حاصل کرنا

کسی بھی طرح کی کامیابی حاصل کرنے کے لئے دو رکعت نماز بہ نیت قضائے حاجت پڑھ کر اس درود کو پندرہ (15) مرتبہ پڑھ کر سجدے میں جا

کر دعا کرے۔ انشاء اللہ دعا قبول ہوگی۔

☆..........☆..........☆..........☆..........☆

درودِ خاص

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ نُوْرٌ مِنْ نُوْرِ اللّٰه۔

طریقۂ زکوٰۃ

اس درود کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ روزانہ پانچ سو (500) مرتبہ چالیس (40) دن تک پڑھیں۔ ان شاء اللہ زکوٰۃ ادا ہوگی۔ اس کے بعد روزانہ گیارہ (11) مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائیں۔

رنج وپریشانی سے نجات

کوئی بھی رنج اور پریشانی ہو اس درود کو تین سو ساٹھ (360) مرتبہ پڑھیں اور اس عمل کو تیرہ (13) دن تک جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ پریشانی سے نجات ملے گی۔

☆..........☆..........☆..........☆..........☆

درودِ واحد

یہ درود سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو مرحمت فرمایا تھا۔ اس درود کو پڑھنے سے مشکلات سے نجات ملتی ہے اور قلب وذہن کو سکون عطا ہوتا ہے۔ جو حضرات اس درود کو پڑھ کر کسی پر دم کرتے ہیں، وہ ہر بیماری سے نجات حاصل کر لیتا ہے۔

درودِ واحد یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلٰوتَكَ وَ رَحْمَتَكَ وَ بَرَكَاتَكَ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ وَ اِمَامِ الْمُتَّقِيْنَ وَ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ اِمَامِ الْخَيْرِ وَ قَائِدِ الْخَيْرِ وَ رَسُوْلِ الرَّحْمَةِ اَللّٰهُمَّ ابْعَثْهُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدِ الَّذِيْ يَغْبِطُهٗ بِهِ الْاَوَّلُوْنَ وَ الْاٰخِرُوْنَ۔

طریقۂ زکوٰۃ

اس درود کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ اس کو روزانہ تین سو تیرہ (313) مرتبہ چالیس (40) دن تک پڑھیں۔ ان شاء اللہ زکوٰۃ ادا ہوگی۔ زکوٰۃ کی ادائیگی کے بعد روزانہ تین مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائیں۔

☆..........☆..........☆..........☆..........☆

درودِ رحمت

یہ درود بفضل تعالیٰ آفات ومصائب سے محفوظ رکھتا ہے۔ ایک روایت میں آتا ہے کہ ایک بار سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک اعرابی آیا اور اس نے کہا یا رسول اللہ اس طباق میں جو میرے پاس ہے، تین مچھلیاں ہیں۔ ان کو میں تین دن سے پکا رہا ہوں لیکن یہ کسی بھی طرح نہیں پک رہی ہیں۔ آخر اس کی وجہ کیا ہے؟ بذریعہ وحی سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ واضح کیا گیا کہ جب یہ مچھلی سمندر میں تھی، اس وقت اس کے کانوں میں ایک درود کی آواز آئی۔ پھر اس نے بھی اس درود کے کلمات کو ادا کیا۔ اس لئے اس کے وجود کی حفاظت ہو رہی ہے۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے پھر اس درود کو پڑھ کر سنایا۔ اور آپ ﷺ نے یہ ساری بات اعرابی کو بتادی اور اس کو بھی اپنی حفاظت کے لئے درود کو پڑھ کر سنایا۔ اس درود کو درود رحمت کہتے ہیں۔

جو لوگ ناگہانی آفات وحادثات سے محفوظ رہنے کے خواہش مند ہوں، ان کو یہ درود روزانہ پڑھنا چاہئے۔ درود رحمت یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ خَيْرِ الْخَلَائِقِ وَ اَفْضَلِ الْبَشَرِ وَ شَفِيْعِ الْاُمَمِ يَوْمَ الْمَحْشَرِ وَ الْكَثِيْرِ وَ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ وَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّ بَارِكْ وَ سَلِّمْ عَلٰى جَمِيْعِ الْاَنْبِيَآءِ وَ الْمُرْسَلِيْنَ وَ صَلِّ عَلٰى كُلِّ الْمَلٰٓئِكَةِ الْمُقَرَّبِيْنَ وَ عَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ وَ سَلِّمْ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا كَثِيْرًا۔ بِرَحْمَتِكَ وَ بِفَضْلِكَ وَ بِكَرَمِكَ يَا اَكْرَمَ الْاَكْرَمِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔ يَا قَدِيْمُ يَا دَائِمُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا وِتْرُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ يَا مَنْ لَّمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ۔

☆..........☆..........☆..........☆..........☆

درودِ روحی

یہ درود قبرستان میں پڑھنے سے مردوں کو عذاب سے نجات ملتی ہے۔ اگر والدین کے گزر جانے کے بعد یا اساتذہ اور محسنین کے رخصت ہونے کے بعد کوئی شخص اس درود کے ذریعہ ایصال ثواب کرے تو ماں باپ اور اساتذہ کی محبت کا حق ادا ہو جائے۔

درودِ روحی یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مَّا دَامَتِ الصَّلٰوۃُ وَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مَّا دَامَتِ الرَّحْمَۃُ وَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مَّا دَامَتِ الْبَرَکَاتُ وَ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَ صَلِّ عَلٰی صُوْرَۃِ مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ وَ صَلِّ عَلٰی اِسْمِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَسْمَآءِ وَ صَلِّ عَلٰی نَفْسِ فِی الْقُلُوْبِ وَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِی الرِّیَاضِ وَ صَلِّ عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَامِ وَ صَلِّ عَلٰی تُرْبَۃِ مُحَمَّدٍ فِی التُّرَابِ وَصَلِّ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِكَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

طریقۂ زکوٰۃ

اس درود کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ روزانہ ایک سو پچیس (125) مرتبہ پڑھیں اور لگاتار چالیس (40) دن تک پڑھیں۔ ان شاء اللہ زکوٰۃ ادا ہوگی۔ اس کے بعد روزانہ صرف ایک مرتبہ پڑھنے کا معمول رکھیں۔

مردوں کو عذاب سے نجات ملے

اس کے بعد جب بھی قبرستان میں جا کر اس درود کو پڑھیں گے، اس کی برکت سے ان شاء اللہ مردوں کو عذاب سے نجات ملے گی۔

☆..........☆..........☆..........☆..........☆

درودِ قرآنی

اس درود کے پڑھنے سے انوار الٰہی کی بارش ہونے لگتی ہے اور پڑھنے والے کو دونوں جہاں کی رحمتیں عطا ہوتی ہیں۔ اس درود کو روزانہ کم سے کم ایک مرتبہ ضرور پڑھنا چاہئے۔

درودِ قرآنی یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ بِعَدَدِ مَا فِیْ جَمِیْعِ الْقُرْاٰنِ حَرْفًا حَرْفًا وَبِعَدَدِ كُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا۔

☆..........☆..........☆..........☆..........☆

درودِ اوّل

اس درود کو پڑھنے والا حشر کے دن سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس صف اول میں ہوگا۔ اسی لئے اس درود کو درودِ اوّل کا نام دیا گیا۔ اس کے پڑھنے سے انسان گناہوں اور خطاؤں سے محفوظ رہتا ہے اور اس درود کی برکت سے قرب خداوندی کی دولت بھی عطا ہوتی ہے۔ اس درود کے پڑھنے سے انسان کو ولایت کا مقام عطا ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے تمام وہ بندے جو ولایت تک پہنچے، وہ اس درود کا اہتمام ضرور کرتے تھے۔

درودِ اوّل یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ اَفْضَلِ اَنْۢبِیَآئِكَ وَ اِكْرَامِ اَصْفِیَآئِكَ مِنْ فَاضَتْ مِنْ نُّوْرِہٖ جَمِیْعُ الْاَنْوَارِ وَ صَاحِبِ الْمُعْجِزَاتِ وَ صَاحِبِ الْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ سَیِّدِ الْاَوَّلِیْنَ وَ الْاٰخِرِیْنَ۔

☆..........☆..........☆..........☆..........☆

درودِ قلبی

صلوٰۃ الحاجات پڑھنے کے بعد اگر اس درود کو پڑھیں تو حاجات پوری ہوتی ہیں اور بندے پر اللہ کا خصوصی ہوتا ہے۔

درودِ قلبی یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا وَ مُرْشِدِنَا وَ رَاحَۃِ قُلُوْبِنَا وَ طَبِیْبِ ظَاهِرِنَا وَ بَاطِنِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ وَ اَزْوَاجِہٖ وَ اَهْلِ بَیْتِہٖ وَ اَوْلِیَآءِ اُمَّتِہٖ وَ اَهْلِ طَاعَتِكَ اَجْمَعِیْنَ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ۔

☆..........☆..........☆..........☆..........☆

درودِ خمسہ

اس درود کے پڑھنے سے انسان کو عافیت اور سلامتی عطا ہوتی ہے۔اس درود کی تعریف میں حضرات امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے بہت طویل گفتگو کی ہے۔اس گفتگو سے اس درود کی اہمیت کا اندازہ ہوتا ہے۔چنانچہ امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ اور دیگر ائمہ اس درود کو اپنے معمولات میں رکھتے تھے۔اور مختلف فتنوں سے محفوظ رہتے تھے۔

درودِ خمسہ یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ مَنْ صَلَّ عَلَیْہِ وَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰی اَنْ نُّصَلِّیَ عَلَیْہِ وَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا اَمَرْتَنَا بِالصَّلٰوۃِ عَلَیْہِ وَ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا تَنْبَغِی الصَّلٰوۃُ عَلَیْہِ۔

☆..........☆..........☆..........☆..........☆

درودِ کوثر

اس درود کے پڑھنے سے ساقی کوثر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے دستِ مبارک سے جامِ کوثر نصیب ہوگا اور یومِ حشر میں ایک طرح کا اعزاز عطا ہوگا۔حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ اپنے تمام معتقدین کو اس درود کے پڑھنے کی تاکید کیا کرتے تھے۔

درودِ کوثر یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَوَّلِیْنَ وَ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاٰخِرِیْنَ وَ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی النَّبِیِّیْنَ وَ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْمُرْسَلِیْنَ وَ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْمَلَاءِ الْاَعْلٰی اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ۔

☆..........☆..........☆..........☆..........☆

درودِ نور

اس درود کے پڑھنے سے دل میں انوارِ الٰہی کی بارشیں ہونے لگتی ہیں۔باطن نکھر جاتا ہے اور اس کے بعد چہرہ منور ہو جاتا ہے۔

درودِ نور یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ نُوْرِ الْاَنْوَارِ وَ سِرِّ الْاَسْرَارِ وَ سَیِّدِ الْاَبْرَارِ۔

☆..........☆..........☆..........☆..........☆

درودِ انعام

اس درود کا پڑھنے والا اور روضۂ اطہر کی زیارت سے مشرف ہوتا ہے۔جو لوگ حج کرنے کے خواہش مند ہوں، ان کو یہ درود پڑھنا چاہئے۔ان کی حج کی خواہش ضرور پوری ہوگی۔

درودِ انعام یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ عَدَدَ اِنْعَامِ اللہِ وَ اَفْضَالِہٖ۔

☆..........☆..........☆..........☆..........☆

درودِ دوامی

اس درود کو ورد میں رکھنے سے تمام درودوں کو پڑھنے کے برابر ثواب ملتا ہے۔یہ درود ایک بہت بڑی دولت ہے جس کی افادیت کو الفاظ میں بیان نہیں کیا جا سکتا۔جو لوگ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کا قرب چاہتے ہوں، ان کو چاہئے کہ اس درود کو اپنے معمولات میں رکھیں۔

درودِ دوامی یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا فِیْ عِلْمِ اللہِ صَلٰوۃً دَائِمَۃً بِدَوَامِ مُلْکِ اللہِ۔

☆..........☆..........☆..........☆..........☆

درودِ اعلیٰ

حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک بزرگ کو خواب میں دیکھا اور پوچھا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیا معاملہ کیا۔ان بزرگ نے جواب دیا کہ اللہ نے مجھے بخش دیا اور مجھے اعلیٰ مقام عطا کیا۔حضرت امام شافعی

رحمۃ اللہ علیہ نے پوچھا کہ آپ کی کونسی نیکی بطور خاص قبول کی گئی۔ انہوں نے جواب دیا کہ میں یہ درود پڑھا کرتا تھا۔ درودِ اعلیٰ یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کَمَا یَنْبَغِیْ الصَّلٰوۃُ عَلَیْہِ۔

اس درود کی برکت سے انسان چوری، ڈکیتی، رہزنی، خوف وہراس اور آفات وحادثات سے محفوظ رہتا ہے۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

درودِ اعظم

یہ درود، درودِ محمدی بھی کہلاتا ہے۔ اس کے فوائد بیان کرنا ممکن نہیں ہے۔ اس کا ورد رکھنے والا ہر طرح کی قوت سے سرفراز ہوتا ہے اور دنیا پر اس کا رعب اور دبدبہ قائم ہوجاتا ہے۔

درودِ اعظم یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ بِعَدَدِ الْخَلَائِقِ صَلٰوۃً دَائِمَۃً بِدَوَامِ خَلْقِ اللّٰہِ۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

درودِ عظمیٰ

اس درود کو پڑھنے سے انسان کے گناہ مٹ جاتے ہیں، دلی خواہشات پوری ہوتی ہیں، قلب وروح کو تازگی ملتی ہے، تمام جائز خواہشات کی تکمیل ہوتی ہے۔ اس درود کو ہر فرض نماز کے بعد کم سے کم ایک مرتبہ ضرور پڑھنا چاہیے۔

درودِ عظمیٰ یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اَصْحَابِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

درودِ مجتبیٰ

یہ درود اگر بوقت تہجد ایک ہزار (1000) مرتبہ پڑھ لیا جائے تو دل کی مراد بر آتی ہے اور پڑھنے والا دینی اور دنیاوی راحتوں سے سرفراز ہوتا ہے۔

درودِ مجتبیٰ یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰی حَبِیْبِكَ الْمُجْتَبٰی وَ رَسُوْلِكَ الْمُرْتَضٰی وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

درودِ نقشبندیہ

یہ درود نقش بندی سلسلے میں پڑھا جاتا ہے۔ اس کے پڑھنے سے بے پناہ فیضان وبرکات حاصل ہوتے ہیں۔ تزکیۂ نفس کے لئے نہایت مجرب نسخہ ہے۔ اور اگر تسخیر خلائق کی نیت سے روزانہ ایک سو گیارہ (111) بار پڑھیں تو دنیا اس کے لئے مسخر ہوجائے گی۔

درود یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ الْاَنْبِیَاءِ وَ نَیِّرِ الْاَوْلِیَاءِ وَ زِبْرِقَانِ الْاَصْفِیَاءِ وَ نُوْرِ الثَّقَلَیْنِ وَ ضِیَاءِ الْخَالِقِیْنَ۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

درود العابدین

اس درود کے پڑھنے سے کمالات کھل جائیں گے اور دل مجلّٰی ہوجائے گا، کشف والہام کی بارشیں ہوں گی، درجات بلند ہوں گے اور کامیابیاں قدم چومیں گی۔ ہر فرض نماز کے بعد گیارہ (11) مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائیں۔

درود یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ مِلْاَ الدُّنْیَا وَ مِلْاَ الْاٰخِرَۃِ وَ ارْحَمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ مِلْاَ الدُّنْیَا وَ مِلْاَ الْاٰخِرَۃِ وَاجْزِ مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ مِلْاَ الدُّنْیَا وَ مِلْاَ الْاٰخِرَۃِ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ مِلْاَ الدُّنْیَا وَ مِلْاَ الْاٰخِرَۃِ۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

درودِ حُبِّ رسول صلی اللہ علیہ وسلم

اس درود کے پڑھنے سے سرکار دو عالم صل اللہ علیہ وسلم کی محبت حاصل ہوتی ہے اور سنتوں کی پابندی کی توفیق عطا ہوتی ہے۔ نیز حشر کے میدان میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا دستِ شفاعت عطا ہوگا۔ روزانہ گیارہ (11) مرتبہ پڑھنا چاہئے۔

درودِ حُبِّ رسول یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ حَبِیْبِنَا وَ مَحْبُوْبِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّ بَارِکْ وَسَلِّمْ۔

☆..........☆..........☆..........☆..........☆

درودِ محمود

جو شخص اپنے کاروبار میں ترقی اور خیر و برکت کا خواہاں ہو، اس کو روزانہ گیارہ (11) مرتبہ یہ درود پاک پڑھنا چاہئے۔

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ صَلٰوتِكَ وَ رَحْمَتِكَ وَ بَرَكَاتِكَ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَاِمَامِ الْمُتَّقِیْنَ وَ خَاتِمِ النَّبِیِّیْنَ عَبْدِكَ وَ رَسُوْلِكَ اِمَامِ الْخَیْرِ وَ قَائِدِ الْخَیْرِ وَ رَسُوْلِ الرَّحْمَۃِ۔ اَللّٰھُمَّ ابْعَثْہُ الْمَقَامَ الْمَحْمُوْدَ الَّذِیْ یَغْبِطُہٗ بِہِ الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ۔

☆..........☆..........☆..........☆..........☆

درودِ کشف

اس درود کو پڑھنے سے کشف والہام کی بارشیں قلب و ذہن میں ہونے لگتی ہیں۔ اس درود کی برکت سے گناہ بھی معاف ہو جاتے ہیں اور نیک کاموں کی بھی توفیق ہوتی ہے۔ جو اس درود کی پابندی رکھے گا، اس کا خاتمہ ایمان پر ہوگا اور اس کو مرتے وقت کلمہ پڑھنے اور درود پڑھنے کی توفیق عطا ہوگی۔

درود کشف یہ ہے:

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی نَبِیِّ الرَّحْمَۃِ شَفِیْعِ الْاُمَّۃِ کَاشِفِ الْغُمَّۃِ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ

وَ اَصْحَابِہٖ وَ بَارِکْ وَسَلِّمْ۔

☆..........☆..........☆..........☆..........☆

درودِ نصرت

غیبی امداد حاصل کرنے کے لئے اس درود کو بہ کثرت پڑھنا چاہئے۔ اس درود پاک کے پڑھنے سے شفاعت بھی واجب ہوگی اور جام کوثر بھی عطا ہوگا۔ دنیا میں دستِ غیب کی امید بھی کی جاسکتی ہے۔ اس کو ہمیشہ لا تعداد مرتبہ پڑھنا چاہئے۔

درودِ نصرت یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مَنْ خَتَمْتَ بِہِ الرِّسَالَۃَ وَ اَیَّدْتَہٗ بِالنَّصْرِ وَ الْکَوْثَرِ وَ الشَّفَاعَۃِ۔

☆..........☆..........☆..........☆..........☆

درودِ مشاہدہ

اس درود کے پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کی رحمتوں کے دروازے کھل جاتے ہیں اور جو شخص اس کو چالیس (40) روز تک تین ہزار ایک سو پچیس (3125) پڑھے گا، اس کی ہر مشکل آسان ہو جائیگی۔ درود مشاہدہ یہ ہے:

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

☆..........☆..........☆..........☆..........☆

درودِ جمال

حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص کسی آفت کا شکار ہو تو اس درود کو روزانہ سو (100) مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ چالیس (40) دن کے اندر اندر اس کو آفت سے نجات ملے گی۔

درودِ جمال یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِہٖ بِقَدْرِ حُسْنِہٖ وَ جَمَالِہٖ۔

☆..........☆..........☆..........☆..........☆

درودِ چشتیہ

یہ درود سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کے حصول کے لئے تیر بہدف ہے۔ روزانہ اکیس (21) مرتبہ پڑھنا چاہئے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ کَمَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰی بِاَنْ تُصَلِّیَ عَلَیْہِ۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

درودِ بشارت

یہ درود یہ خصوصیت رکھتا ہے کہ اگر کوئی چیز گم ہو جائے تو رات کو سوتے وقت گیارہ سو (1100) مرتبہ پڑھیں اور گیارہ (11) دن تک پڑھیں۔ ان شاءاللہ وہ گم شدہ چیز، جاندار ہو یا غیر جاندار، واپس مل جائے گی۔

درود بشارت یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَا کَانَ وَ مَا یَکُوْنُ وَ عَدَدَ مَا اَظْلَمَ عَلَیْہِ اللَّیْلُ وَ اَضَآءَ عَلَیْہِ النَّھَارُ۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

درودِ خضری

یہ درود سکونِ قلب کی دولت عطا کرنے میں کمال رکھتا ہے۔ اس کا پڑھنے والا ولایت کے درجے تک پہنچ جاتا ہے۔ یہ درود سلسلہ نقش بندی کا معمول رہا ہے۔

درود خضری یہ ہے:

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

درودِ مستجاب الدعوات

یہ درود اگر تنگی اور مفلسی دور کرنے کی نیت سے پڑھا جائے تو مفلسی اور تنگ دستی دور ہوتی ہے۔ اور اگر روزانہ اس کو پانچ سو (500) مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائیں تو پڑھنے والا مستجاب الدعوات ہو جاتا ہے۔

دورد یہ ہے:

صَلَّی اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْکَرِیْمِ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ وَسَلَّمْ۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

درودِ عالی

اس درود کو اگر نمازِ فجر و مغرب کے بعد سو (100) مرتبہ پڑھیں تو مقدمہ میں کامیابی ملے اور حاجات پوری ہوں۔

درودِ عالی یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَ سَلِّمْ وَ بَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْحَبِیْبِ عَالِی الْقَدْرِ عَظِیْمِ الْجَاہِ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ وَ سَلِّمْ۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

درودِ قطب

اس درود کو پڑھنے والے پر اسرار و رموز کا انکشاف ہوتا ہے۔ جو شخص چالیس (40) دن تک اس درود کو روزانہ سو (100) مرتبہ پڑھے گا، اس پر انوارِ الٰہی کی بارشیں ہونے لگتی ہیں اور روزی میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔

درودِ قطب یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی نُوْرِ الْاَنْوَارِ وَ سِرِّ الْاَسْرَارِ وَ تِرْیَاقِ الْاَغْیَارِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الْمُخْتَارِ وَ اٰلِہِ الْاَطْھَارِ وَ اَصْحَابِہِ الْاَخْیَارِ عَدَدَ نِعَمِ اللّٰہِ وَ اَفْضَالِہٖ۔

☆ ☆ ☆ ☆ ☆

درودِ شاذلی

اس درود کو ایک مرتبہ پڑھنے سے ایک لاکھ درود پڑھنے کا ثواب ملتا ہے۔ باطن میں نکھار آتا ہے۔ ظاہر میں سیدھا پیدا ہوتا ہے۔ اور دل و دماغ انوارِ الٰہی سے منور ہو جاتے ہیں۔ اگر اس درود کو پانچ سو (500) مرتبہ روزانہ پڑھیں تو تمام مشکلات سے نجات مل جائے۔

درود شاذلی یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النُّوْرِ الَّذِیْ السَّارِیْ فِیْ جَمِیْعِ الْاٰثَارِ وَالْاَسْمَاءِ وَالصِّفَاتِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَسَلِّمْ۔

☆..........☆..........☆..........☆..........☆..........☆

درودِ شفاء

اس درود کو پڑھنے سے ہر بیماری سے شفاء نصیب ہوتی ہے۔ اگر روزانہ گیارہ (11) مرتبہ پڑھیں تو مہلک بیماریوں سے حفاظت رہتی ہے۔

درود شفاء یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ کَمَا اَنْتَ اَھْلُہٗ فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا اَنْتَ اَھْلُہٗ وَافْعَلْ بِنَا مَا اَنْتَ اَھْلُہٗ فَاِنَّکَ اَنْتَ اَھْلُ التَّقْوٰی وَاَھْلُ الْمَغْفِرَۃِ۔

بقیہ: درود شریف کی فضیلت

درود شریف خضری:

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَسَلَّمْ۔

درود شریف ابراہیمی:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ۔

درود شریف شوقیہ:

اَللّٰھُمَّ نَوِّرْ قَلْبِیْ بِنُوْرِ شَوْقِکَ۔

درود شریف شوقیہ یکسوئی سے سوا لاکھ مرتبہ علیحدہ بیٹھ کر پڑھیں اور تصورِ شیخ کے ساتھ یکسو ہو کر پڑھیں تو آپ کے دل میں شوق اور یادِ الٰہی کا ٹھکانہ ہوگا۔ ہر وقت یادِ الٰہی کا دل میں شوق و ذوق ہوگا اور یادِ الٰہی کا ذکر جاری رہے گا۔ باطن کی سیاہی دور ہو کر باطنی صفائی حاصل ہوگی۔ فقیر کو اس درود شریف کی اجازت کئی صوفیاء سے حاصل ہے بالخصوص میرے پیر و مرشد فقیر سید محبوب علی شاہ قادری مدظلہ العالی سرپرست انجمن فیضانِ غوثیہ دیپالپور سے حاصل ہے۔ فقیر تمام اہل ایمان کو اس درود پاک پڑھنے کی اجازت دیتا ہے دل و دماغ روشن ہو جائے گا۔

بے نقطہ درود شریف

ماہر علوم مخفی پیر حکیم غلام سرور شباب صاحب (حویلی لکھا)

درود و سلام خواجۂ کائنات حضور پرنور حضرت محمد ﷺ پر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَللّٰھُمَّ اَحْمَدُکَ صَلِّ عَرُوْسَ طٰہٰ

ترجمہ اے اللہ میں تیری حمد بیان کرتا ہوں طٰہٰ کے دولہے پر درود بھیج

بے نقطہ درود پاک جو حروف صوامت سے ترتیب دیا گیا ہے۔ جو پہلی مرتبہ ہماری تصنیف "کلید رموز مخفی" کی زینت بن رہا ہے۔

بقیہ: فضائل و برکات درود شریف

جوابات دینے میں آسانی ہوگی۔

(مجرب اور مبارک درود: ۸۰، ذریعۃ الوصول: ۲۰۲)

محتاجگی سے حفاظت

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَسَلَّمْ۔

روزانہ پانچ سو مرتبہ پڑھنا چاہئے، خواہ ہر نماز کے بعد سو مرتبہ یا ایک ہی مرتبہ پانچ سو مرتبہ پڑھ لیا جائے۔ (ذریعۃ الوصول: ۱۸۸)

قرض کی ادائیگی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ۔

ظہر کی نماز کے بعد یہ دُرود شریف سو مرتبہ پڑھنے والے کو تین بشارتیں حاصل ہوں گی۔ (۱) کبھی مقروض نہ ہوگا۔ (۲) اگر قرض ہوگا تو ادا ہو جائیگا خواہ جتنا بھی قرض ہو۔ (۳) قیامت کے دن اس سے کوئی حساب نہ ہوگا۔

(ذریعۃ الوصول الی جناب الرسول ﷺ ص ۱۶۲)

صلوا علیہ والہ

ما کان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین و کان اللہ بکل شئی علیما۔

درود شریف کی فضیلت

حکیم پیر فقیر صوفی عبدالروف نظامی چشتی قادری
واٹر گنج، رینالہ خورد، ضلع اوکاڑہ۔
0345-7503258

محبت رسول اللہ ﷺ تقاضائے ایمان ہے۔ درود شریف اور نعت اس محبت کا فطری اظہار ہے۔ علاوہ ازیں درودِ پاک تاجدار انبیاء حضرت محمد ﷺ کے ہاں نذرانہ عقیدت، عظمت، شان اور ایمانِ کامل کا اعلان اور اوصاف جمیلہ کی تعریف وتوصیف لامتناہی محبت وعقیدت اور حضورِ اکرم ﷺ کے اعزاز واکرام کا دوسرا نام ہے۔ سورۂ احزاب کی آیت نمبر 56 میں ارشاد ربانی ہے کہ

ترجمہ "اللہ اور اس کے ملائکہ نبی ﷺ پر درود بھیجتے ہیں، اے لوگو جو ایمان لائے ہو، تم بھی ان پر درود وسلام بھیجو۔"

درود پاک کی کئی قسمیں ہیں اور فضیلت درودِ پاک پر بے شمار کتابیں اور مضامین تحریر کیے گئے ہیں۔ میں محسوس کرتا ہوں کہ جیسے جیسے لمحے گزرتے جا رہے ہیں اور قیامت قریب آ رہی ہے، ویسے ویسے ہی رسالت مآب ﷺ کی شان کی رفعت ہر لحظہ بڑھتی جا رہی ہے۔ قدرت اللہ شہاب نے اپنی شہرۂ آفاق کتاب "شہاب نامہ" کے صفحات 1152 تا 1154 پر درودِ پاک کے مختلف فضائل ان الفاظ میں بیان فرمائے ہیں: "ساری کائنات میں ایک اور صرف ایک ایسا عمل ہے جو اللہ تعالیٰ فرشتوں اور انسان کے درمیان یکساں طور پر مشترک ہے۔ درود شریف پڑھنے والے کو اپنی استعداد اور خلوص کے مطابق صاحب درود کی توجہ کا شرف ضرور حاصل ہوتا ہے۔ اگرچہ ہزاروں افراد، ہزاروں مختلف مقامات پر ایک ہی وقت میں درود شریف پڑھ رہے ہوں، ان سب پر فرداً فرداً ایک آن صاحب درود کی توجہ کا منعکس ہونا نہ کوئی عجیب بات ہے اور نہ کوئی مشکل امر ہے۔ چراغ اکثر جلا کر اس کی روشنی پھیلانے کیلئے اسے ایک کمرے میں اٹھا کر دوسرے کمرے میں لیجانے کی ضرورت ہوتی ہے۔ لیکن سورج کی شعاعیں ہر جگہ بیک وقت یکساں طور پر بآسانی پہنچتی رہتی ہیں۔ شرط صرف اتنی ہے کہ رخ سورج کی جانب ہو۔

دنیاوی اصطلاح میں درود شریف کی مثال شاہی ڈسپیچ بکس کی سی ہے۔ جو دعا اس ڈسپیچ بکس میں بند ہو تو اللہ تعالیٰ کے دربار میں پہنچے، اس کی جانب خصوصی اور فوری توجہ منعطف ہونا زیادہ قرین قیاس ہے۔

درود شریف کے چند فضائل

ا۔ درود شریف ایسا وظیفہ ہے جو ہر وقت پڑھا جا سکتا ہے۔ درود پاک پڑھنے کی نہ کوئی حد مقرر ہے نہ وقت۔

۲۔ درود شریف پڑھنے سے تکالیف دور ہوتی ہیں۔ بیماریوں سے شفاء ملتی ہے۔ مذاہب کی تاریخ سے پتہ چلتا ہے کہ قصیدہ بردہ شریف کے لکھنے کا واقعہ یوں ہے کہ اس قصیدے کو لکھنے سے پہلے امام بوصیری رحمہ اللہ کوڑھ کے مرض میں مبتلا تھے۔ اسی عالم میں آپ نے حالات سے پریشان ہو کر اور دادرسی کیلئے یہ قصیدہ تحریر فرمایا۔ اسی شب امام بوصیری رحمہ اللہ کو خواب میں حضور پاک ﷺ کی زیارت ہوئی اور آپ ﷺ نے امام بوصیریؒ کو کملی عنایت فرمائی۔ دوسرے دن جب امام بوصیریؒ بیدار ہوئے تو وہ کملی آپ کے جسم پر موجود تھی اور آپ مکمل طور پر صحت یاب ہو چکے تھے۔

تمام مسلمانوں کا ماننا ہے کہ درود شریف سچی محبت اور عقیدت کے ساتھ پڑھا جائے تو ہر بیماریوں سے بچاتا ہے اور دلوں کو پاک کرتا ہے۔ تمام امور میں برکات نصیب ہوتی ہیں۔ مشتاق کو دولت زیارت نبی کریم ﷺ ملتی ہے۔ درودِ پاک بے شمار فیوض وبرکات کا موجب ہے۔ یہ ایسی اہم ترین عبادت ہے جو ہمیشہ قبول ہوتی ہے۔

چند درود شریف:

درود شریف اویسیہ:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عِتْرَتِہٖ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ (بقیہ ص 25 پر)

فضائل و برکات درود شریف

قیصر احمد صاحب (کراچی)

صلوٰۃ وسلام کی عظمت واہمیت

صلوٰۃ وسلام دراصل اللہ تعالیٰ کے حضور میں کی جانیوالی بہت اعلیٰ واشرف درجہ کی ایک دعا ہے۔ اور یہ دعا نور کائنات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات پاک سے اپنی ایمانی وابستگی اور وفاکشی کیلئے آپ ﷺ کے حق میں کی جاتی ہے اور اس کا حکم ہم بندوں کو خود اللہ تعالیٰ کی طرف سے قرآن پاک میں دیا گیا ہے۔ ارشاد فرمایا گیا ہے: ان اللہ و ملئکتہ یصلون علی النبی۔ یا ایھا الذین امنو صلو اعلیہ و سلموا تسلیما۔

(سورۃ الاحزاب آیت ۵۶)

یوں تو قرآن پاک کی آیات میں نماز، روزہ، حج وغیرہ کے احکامات انبیاء کرام کی توصیفیں وتعریفیں حتیٰ کہ حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا فرما کر ان کو تمام فرشتوں سے سجدہ کرانا وغیرہ بہت کچھ مذکور ہے، لیکن مذکورہ بالا آیت مبارکہ میں جس شاندار تمہید اور جس اہتمام کے ساتھ اہل ایمان کو صلوٰۃ وسلام کا حکم دیا گیا، اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس کی کتنی اہمیت اور عظمت ہے۔

دُرود شریف کی امتیازی اہمیت

اس مادی دنیا میں جس طرح مختلف غذاؤں، پھلوں اور پھولوں میں الگ الگ رنگتیں، خوشبوئیں اور لذتیں حق تعالیٰ شانہٗ نے رکھی ہیں، اسی طرح مختلف عبادات، اذکار اور دعوات کے الگ الگ خواص، برکات اور انوار ہیں۔ خلوص نیت سے درود شریف کی کثرت کرنے کا عمل اتباع سنت کی توفیق اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روحانی قرب اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصی شفقت وعنایت حاصل ہونے کا خاص الخاص وسیلہ ہے۔

بعض احادیث سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ امتی کا درود شریف اس کے نام اور ولدیت کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک پہنچایا جاتا ہے اور اس کیلئے فرشتوں کا ایک پورا عملہ موجود ہے۔

فضائل وبرکات

۱ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول نور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ”جو بندہ مجھ پر ایک مرتبہ درود پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس پر دس رحمتیں بھیجتا ہے“۔ (مسلم)

۲ حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ”جو بندہ مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے اللہ تعالیٰ اس پر دس مرتبہ درود بھیجتا ہے۔ اور اس کی دس خطائیں معاف کردی جاتی ہیں اور اس کے دس درجے بلند کردئے جاتے ہیں“۔ (سنن نسائی)

۳ حضرت ابوہریرہ بن نیازؓ سے روایت ہے کہ نور کائنات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ”میرا جو امتی مجھ پر خلوص دل سے دُرود بھیجے، اللہ تعالیٰ اُس پر دس دُرود بھیجتا ہے اور اس کے صلے میں اس کے دس درجے بلند کرتا ہے۔ اور اس کے حساب میں دس نیکیاں لکھتا ہے اور اس کے دس گناہ کو محو کر دیتا ہے“۔ (سنن نسائی)

درود شریف دعا کی قبولیت کا وسیلہ ہے

حضرت عمر بن خطابؓ سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا۔ ”دُعاء زمین وآسمان کے درمیان ہی رُکی رہتی ہے اور اُوپر نہیں جاتی جب تک نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود نہ بھیجا جائے“۔ (ترمذی)

دُرود پڑھنے والے پر انعامات خداوندی

درود شریف پڑھنے والے کی روح قبض ہونے کے وقت آسانی ہوگی۔ قبر کے سوال وجواب آسان ہوں گے۔ قیامت کے دن تمام انبیاء، اولیاء اور فرشتے اس کے حق میں شفاعت کریں گے۔ مومن زوالِ ایمان کے خطرے سے محفوظ رہیگا۔ زندگی ہی میں آقائے دوجہاں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دیدار نصیب ہوگا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت سے تمام گناہوں کی بخشش ہوگی۔ اُس کی قبر میں رُوضۂ رسول نور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ایک طاقچہ کھول دیا جائیگا، جس سے راحت نصیب ہوگی۔

ایک پرندہ پیدا ہوگا۔ جو عرش کے نیچے آکر درود پاک پڑھنے والے کیلئے مغفرت کی دُعا کریگا۔ بڑے پیمانے پر ثواب کا حصول ہوگا۔ دُنیا میں درود شریف پڑھنے سے آسمان کے کنارے فرشتوں سے بھر جاتے ہیں۔

قیامت کے دن درود پاک پڑھنے والے کا چہرہ چودھویں رات کے چاند کی طرح روشن ہوگا۔ حوضِ کوثر سے پانی پلایا جائیگا۔ دوزخ کی آگ اس پر حرام ہوگی۔ اس کے ۸۰ سال کے گناہ معاف ہونگے ۔ پورے دن میں خیر و برکت اور دینی و دنیاوی امور میں اسے دل جمعی نصیب ہوگی۔ دشوار کاموں میں اس کیلئے آسانی ہوگی۔ ہر قسم کی پریشانی زائل ہوگی۔ قرض دار کو قرض کی ادائیگی کیلئے سبیل پیدا ہوگی۔ درود شریف کا ورد رکھنے والا دونوں جہانوں میں کبھی محتاج نہ ہوگا۔

علامہ دمیری رحمہ اللہ نے حیوۃ الحیوان میں لکھا ہے کہ جو شخص جمعہ کے نماز کے بعد ایک سفید کاغذ پر عطر لگا کر محمد رسول اللہ احمد رسول اللہ ۳۵ مرتبہ لکھے اور اس کاغذ کو اپنے پاس رکھے اور روزانہ فجر کے بعد یا رات کو سوتے وقت اس کاغذ کو سامنے رکھ کر سو مرتبہ درود شریف پڑھے تو انشاء اللہ اس کو ضرور نور کائنات حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت نصیب ہوگی اور ہر بگڑے کام سنورتے چلے جائیں گے۔

الحمد للہ میں نے اس کا کئی بار تجربہ کیا اور بہت ہی فوائد حاصل کئے۔

امام غزالی رحمہ اللہ نے اپنے مجربات میں لکھا ہے کہ جو شخص مشک اور زعفران سے یا کسی اچھی روشنائی سے اس تعویذ کو لکھ کر اپنے پاس رکھے اور رات کو سوتے وقت تین سو مرتبہ لفظ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پڑھے تو اس کو ۴۱ فوائد حاصل ہوں گے۔ سب سے بڑھ کر یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت نصیب ہوگی اور دشمنوں پر فتح حاصل ہوگی اور بھی بہت سے فوائد حاصل ہوں گے۔ الحمد للہ اسکا ہمارے ساتھیوں نے بارہا تجربہ کیا اور خود میرا بھی کافی عرصہ سے معمول ہے۔ بلاشبہ یہ اسم مبارک بھی بہت عظیم ہے۔

اور اس کا نقش چار الفاظ سے بنتا ہے جو یہ ہیں:

م، ح، م، د (یعنی محمد)۔ یہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پیارے نام کا نقش یہ ہے:

یا رحیم ۷۸۶ یا رحمن

د	م	ح	م
م	د	م	ح
ح	م	د	م
م	ح	م	د

محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

دولت کا نسخہ

شرح احیاء علوم دین میں روایت ہے کہ کثرت سے نور کائنات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پڑھنا فاقہ اور افلاس و غربت کو دور کرتا ہے۔ واقعی اگر کوئی عشاء کی نماز کے بعد تین سو تیرہ مرتبہ بسم اللہ کے ساتھ درود پڑھے جلد از جلد امیر ہو جائیگا۔ ایک قول ہے کہ جو کوئی درود شریف پڑھتا ہے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم اس کے کاروبار کے متوالی اور وکیل ہوں گے۔ حشر، حساب اور میزان میں تولنے کے وقت پل صراط پر چلنے کے وقت اس کے علاوہ سب گناہ بخشوا کر اس شخص کو جنت میں داخل کرائیں گے۔ انشاء اللہ۔ (ترتیب الصلوٰۃ)

غربت کا خاتمہ

''حصنِ حصین'' دعاؤں کی ایک لاجواب کتاب ہے۔ اسکے مؤلف فرماتے ہیں کہ ''درود شریف کے شیریں پھل بے حساب ہیں جن کو کوئی کسی بھی حالت میں گن نہیں سکتا۔ خصوصاً تنگی اور مشکل، فکر وغیرہ کے دور ہونے اور حاجت کے برآنے میں بارہا میں نے یہ تجربہ کیا ہے۔ یہاں تک کہ اکثر خوف اور ہلاکت کی جگہ پھنس گیا تو ایسے نازک وقت میں بھی اللہ تبارک وتعالیٰ نے دورد شریف کی برکت سے مجھے نجات بخشی۔''

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ بھی فرماتے ہیں کہ دنیا اور آخرت میں تکلیفوں سے نجات حاصل کرنے کیلئے درود سے بڑھ کر کوئی علاج نہیں۔

پانی تین سانس میں ٹھہر ٹھہر کر پئیں (ارشاد نبوی ﷺ)

فرشتوں کے ساتھ نماز

حضرت ابوذر رحمۃ اللہ علیہ نے ایک شخص کو خواب میں دیکھا کہ آسمان پر فرشتوں کے ساتھ نماز پڑھ رہا ہے۔ حضرت نے سبب پوچھا کہ یہ اعزاز کیسے حاصل ہوا؟ اس شخص نے جواب دیا کہ میں جب کوئی حدیث لکھنے بیٹھتا اور سرکار عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک آتا تو فوراً درود شریف لکھ لیتا تھا اس کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے یہ اعزاز واکرام عطا فرمایا۔

دُرود کی اصلی حقیقت

افضل الذکر لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کو کہا گیا ہے مگر اس کلمہ میں صرف یہی الفاظ ہیں جن کو آپ اُوپر دیکھ سکتے ہیں یعنی لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔ یہ افضل الذکر اس لئے ہے کہ اس کلمہ میں اللہ اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم دونوں کے نام ایک ساتھ آگئے ہیں۔ مگر دیکھئے کیا راز سمویا گیا ہے، ایک سے التجا کی گئی ہے اور دوسرے کے لئے دعا مانگی گئی ہے۔ یعنی دونوں سے ہم بذات خود مخاطب ہیں۔ اللہ سے عرض کیا گیا ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اوپر اور ان کی اولاد کے اوپر سلامتی بھیج اور یہ الفاظ تو خود اللہ پاک بھی کہہ رہا ہے ہم تو صرف اللہ پاک کی ہاں میں ہاں ملانے والے ہیں۔ اب جبکہ ہم اللہ تعالیٰ سے بھی بات کر رہے ہیں اور حضور آقائے نامدار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بھی، اس لئے اگر لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ افضل الذکر ہے تو درود شریف اعلیٰ ترین دعا ہے۔ اللّٰھم صلی علی محمد وآلہ محمد وبارک وسلم۔

کلمہ افضل الذکر اور درود افضل الدعا

اس دعا کے مانگنے سے خدا بھی خوش اور اس کا رسول بھی راضی۔ نہ فقط کلمہ افضل الذکر اور درود افضل الدعا ہے بلکہ یہ فلسفہ بھی افضل الفلسفہ ہے۔ سبحان اللہ۔

عشق اور عبادت

عشق اور عبادت میں زمین وآسمان کا فرق ہے۔ عبادت میں سجدہ اور عشق میں درود لازم وملزوم ہیں۔ عبادت میں جنت ملتی ہے اور عشق میں جمال الٰہی۔ لیکن جنت بغیر جمال الٰہی کے بے معنی، بے رنگ اور بے مزہ ہے۔ عبادت کر کے جنت حاصل کرنے میں مزہ تو ہے لیکن درود پڑھ کر جمال الٰہی حاصل کرنے میں اصل کامیابی ہے۔ صلی اللہ علیہ وسلم۔

تین اعزاز

درود شریف پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ کے خزانے سے تین انمول تحفے عطا ہوتے ہیں۔

(1) رحمت (2) فضل وکرم (3) شفقت

اس طرح دربارِ رسالت سے بھی درود شریف کا ورد کرنے والے کو تین تحفے ملتے ہیں۔

(1) سلامتی (2) شفاء (3) مغفرت

اسی طرح فرشتوں سے بھی درود پڑھنے والوں کو تین تحفے ملتے ہیں۔

(1) رحمت (2) سلام (3) حفاظت هو الذی یصلی علیکم وملٰئکتہ (اللہ تعالیٰ تم پر رحمت بھیجتا ہے اور اس کے فرشتے بھی)

ثواب

مدینہ منورہ (سعودی عرب) میں ملک عرب کا سب سے بڑا پہاڑ ہے جس کو جبلِ احد کہتے ہیں۔ یہ بہت ہی بڑا پہاڑ ہے۔ نور کائنات رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک مرتبہ ارشاد فرمایا کہ جس شخص کے پاس میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ پر درود پڑھے تو اس شخص کیلئے ایک قیراط کے برابر ثواب لکھ دیا جاتا ہے اور وہ قیراط احد پہاڑ کے برابر ہوگا۔ اب اندازہ لگائیے کہ صرف ایک مرتبہ درود پڑھنے سے کتنا ثواب ملتا ہے۔

حضرت آدم علیہ السلام۔ بی بی حوا علیہا السلام اور درود شریف

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمہ اللہ اپنی دنیا بھر میں مشہور تصنیف "مدارج النبوۃ" میں خاص طور سے ذکر کرتے ہیں کہ جب رب تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا کر کے ان کے جسم میں روح پھونکی تو سب سے پہلے آدم علیہ السلام کی نظر جنت کے دروازے پر پڑی۔ جس پر لکھا ہوا تھا۔ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔

اس کو دیکھ کر آدم علیہ السلام نے تعجب سے دریافت کیا کہ کیا آپ نے

پیٹ سے بڑھ کر کوئی بدترین برتن نہیں ہے (ارشاد نبوی ﷺ)

مجھ سے بھی کسی کو زیادہ عزت والا پیدا کیا ہے؟ ارشاد ہوا کہ بے شک ایک نبی کو میں نے بہت بزرگی عنایت کی ہے۔

جب حضرت بی بی حوا علیہ السلام پیدا ہوئیں تو حضرت آدم علیہ السلام نے ان کی طرف رغبت ظاہر کی اور ہاتھ بڑھانا چاہا۔ مگر خداوند قدوس نے منع کر دیا اور حکم دیا کہ ان کا مہر ادا کرو۔

آدم علیہ السلام نے عرض کیا یا اللہ مہر کی مقدار اور جنس کیا ہونا چاہئے؟ جواب آیا کہ نبی نور کائنات آخر الزمان محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر جن کا نام تم نے جنت کے دروازے پر لکھا ہوا دیکھا تھا، اُن پر سو بار درود بھیجو۔ جب حضرت آدم علیہ السلام درود شریف بھیج چکے تو بی بی حوا علیہ السلام کے پاس جانے کی اجازت ملی۔

درود شریف کے متعلق چند احادیث

(۱) جو چاہے کہ اس کے اعمال بڑی ترازو میں تلیں اس کو چاہئے کہ مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرے۔ (۲) مجھ پر درود بھیجنا قیامت کے دن پل صراط کے اندھیرے میں نور ہے۔ (۳) مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرو اس لئے کہ قبر میں ابتدا تم سے میرے بارے میں سوال کیا جائیگا۔ (۴) قیامت کے دن اس کے خطرات سے زیادہ سے زیادہ محفوظ دنیا میں درود پڑھنے والا ہوگا۔ (۵) کثرت سے درود پڑھنے والا قیامت کے دن مجھ سے سب سے زیادہ قریب ہوگا۔ (۶) جس کے سامنے میرا تذکرہ آئے اس کو چاہئے کہ مجھ پر درود بھیجے۔ (۷) جو مجھ پر ایک مرتبہ درود پڑھے گا۔ اللہ اس پر دس دفعہ درود بھیجے گا، اس کی دس خطائیں معاف کریگا اور دس درجے بلند کریگا۔ (۸) جو مجھ پر کثرت سے درود بھیجے گا وہ عرش کے سایہ میں ہوگا۔ (۹) مجھ پر درود شریف پڑھنا قیامت میں نور ہے۔ (۱۰) جو شخص مجھ پر درود کسی کتاب میں بھیجے (لکھے) ہمیشہ فرشتے اس پر درود بھیجتے رہیں گے۔ جب تک میرا نام اس کتاب میں رہیگا۔ (۱۱) جو شخص صبح کو دس بار اور شام کو دس بار درود پڑھے۔ قیامت کے دن اس کیلئے میری شفاعت لازمی ہوگی۔ (۱۲) جو کوئی مجھ پر سو مرتبہ درود بھیجے اس کی سو حاجتیں پوری ہونگی۔

(۱۳) تم جہاں کہیں بھی ہو۔ مجھ پر درود پڑھتے رہو۔ بے شک تمہارا درود مجھ کو پہنچتا رہتا ہے۔ (۱۴) مجھ پر ایک مرتبہ درود پڑھنا ایسا ہے جیسے راہ خدا میں ایک غلام آزاد کرنا۔ (۱۵) مجھ پر کثرت سے درود بھیجا کرو کہ تمہارے لئے موجب پاکی ہے۔ (۱۶) جب کسی کو مشکل پیش آئے تو اس کو چاہئے کہ مجھ پر درود کی کثرت کرے۔ (۱۷) مجھ پر زیادہ سے زیادہ درود بھیجو اس لئے کہ تمہارے لئے فلاح کا ذریعہ ہے۔ (۱۸) جب کوئی چیز بھول جاؤ تو مجھ پر درود پڑھو انشاء اللہ یاد آجائے گی۔ (۱۹) جمعہ کے دن مجھ پر کثرت سے درود پڑھو۔ کیونکہ جمعہ کو تمہارا درود مجھ پر پیش ہوتا ہے۔ (۲۰) مجھ پر درود بھیجا کرو اس لئے کہ یہ درود تمہارے لئے زکوٰۃ کے حکم میں ہے۔ یعنی صدقہ ہے۔ (۲۱)۔ مجھ پر درود بھیجا کرو کیونکہ تمہارے رب کی رضا کا سبب ہے۔ (۲۲) مجھ پر درود بھیجا کرو اس لئے کہ تمہارے لئے گناہوں کا کفارہ ہے۔ (۲۳) اول اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کرو۔ پھر مجھ پر درود بھیجو اور پھر دعا مانگو۔ نیز دعا کے اول و آخر میں درود پڑھنا مستحب ہے۔ (۲۴) جو مجھ پر جمعہ کی رات سو مرتبہ درود پڑھے گا تو وہ کبھی محتاج نہ ہوگا۔ (۲۵) جس کے لئے یہ خوشی کا باعث ہو کہ روز قیامت اللہ تبارک وتعالیٰ سے خوشی کے ساتھ ملاقات کرے تو وہ مجھ پر بکثرت درود پڑھے۔ (۲۶) جس شخص نے مجھ پر جمعہ کے دن سو مرتبہ درود پڑھا تو اس کے ۲ سال کے برابر گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

بلغ العلیٰ بکمالہ

کشف الدجیٰ بجمالہ

حسنت جمیع خصالہ

صلو علیہ والہ

ترجمہ اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو جو کمالات عطا فرمائے تھے ان کے سبب آپ نور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے حسن اخلاق اور جمال کردار نے اندھیرے کو روشن کر دیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام عادات

وخصائل نیک اور پاکیزہ اور حسین تھیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر درود وسلام ہو۔

(شیخ سعدیؒ)

دُرود شریف کے فضائل...... ایک نظر میں

حضرت شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا رحمۃ اللہ علیہ (مدفون جنت البقیع شریف، مدینہ منورہ) ''فضائل درود شریف'' میں لکھتے ہیں۔

حضور نور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھنے کا ثواب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ خود اپنے بندے پر درود بھیجتا ہے۔ اس کے فرشتے اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس کیلئے دعا کرتے ہیں۔ یہ درود شریف پڑھنے والے کے گناہوں کا کفارہ بن جاتا ہے اور اس کے اعمال کو پاکیزہ بنا دیتا ہے۔ اور اس کے درجات کو بلند کر دیتا ہے۔ خود درود شریف اس کیلئے مغفرت طلب کرتا ہے۔ جو شخص اپنے اوپر اوراد و وظائف کو درود شریف بنا دے اس کے دنیا وآخرت کے کاموں میں کفایت کیجائے گی۔

درود شریف پڑھنے کا ثواب غلاموں کے آزاد کرنے سے زیادہ ہوگا۔ قیامت کے دن ایسے شخص کیلئے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شاہد اور گواہ بنیں گے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت اس کیلئے واجب ہو جائے گی۔ ترازو میں نیک اعمال کا پلڑا بھاری ہوگا۔ حوضِ کوثر پر حاضری کی سعادت ملے گی اور قیامت کے روز سخت پیاس سے بچا رہے گا۔ پل صراط پر سہولت ہوگی اور جہنم کی آگ سے دور رہے گا۔ مرنے سے پہلے اپنا ٹھکانہ جنت میں دیکھ لے گا۔ یہ درود اس کیلئے صدقہ کے قائم مقام ہوگا اور دشمنوں پر غلبہ حاصل کرنے کا ذریعہ، دلوں کو نفاق اور زنگ سے پاک کر دیتا ہے۔

یہ درود شریف سب سے افضل ہے، اور ہر کسی کو یاد بھی ہوتا ہے، اس لئے خیر وبرکات کے حصول کیلئے اکثر وبیشتر پڑھتے رہنا چاہئے۔

اللّٰھم صل علی محمد وعلی ال محمد کما صلیت علی ابراھیم وعلی ال ابراھیم انک حمید مجید۔ اللّٰھم بارک علی محمد وعلی ال محمد کما بارکت علی ابراھیم وعلی ال ابراھیم انک حمید مجید۔

درود شریف سے آپ کے مسائل کا حل
بخشش کا سبب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کُلَّمَا غَفَلَ عَنْہُ الْغَافِلُوْنَ۔

بنان اصبہانی فرماتے ہیں: میں نے خواب میں نور کائنات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی، اور عرض کیا، اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم (امام) ''محمد بن ادریس شافعی'' آپ کے ابن عم ہیں۔ آپ نے ان کو کوئی نفع پہنچایا؟ نور کائنات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے حق تعالیٰ سے درخواست کی کہ ان سے حساب نہ لیا جائے میں نے عرض کیا: اس عنایت کا کیا سبب ہوا؟ فرمایا: وہ مجھ پر ایسا درود پڑھتے تھے کہ اس جیسا کسی نے نہیں پڑھا۔ میں نے عرض کیا! اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم وہ درود کیا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہی درود شریف ارشاد فرمایا۔

(صفۃ الصفوۃ: ۲/۲۷۵)

محتاجگی سے حفاظت

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِہٖ وَسَلَّمْ۔

روزانہ پانچ سو (500) مرتبہ پڑھنا چاہئے۔ خواہ ہر نماز کے بعد ۲ مرتبہ یا ایک ہی دفعہ پانچ سو مرتبہ پڑھ لیا جائے۔

پسندیدہ رشتہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ذِی الْعِزِّ وَالْکِبْرِیَاءِ وَ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ خَاتَمِ الْاَنْبِیَاءِ

تہجد یا نمازِ عشاء کے بعد تین سو تیرہ مرتبہ پڑھ کر دعا کرے۔

(مجرب اور مبارک درود: ۵۰، ۲ ذریعۃ الوصول: ۱۲۳)

جن آسیب وغیرہ سے حفاظت

صَلَّی اللّٰہُ سُبْحَانَہٗ وَبِحَمْدِہٖ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِہٖ وَرَسُوْلِہِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ وَبَارَكَ وَسَلَّمَ کَمَا ھُوَ اَھْلُہٗ

تمہاری جنت ماں کے قدموں میں ہے (ارشاد نبوی ﷺ)

ہر فرض نماز کے بعد سات مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرنے سے جن، آسیب، بھوت پریت وغیرہ سے حفاظت رہیگی۔

(ذریعۃ الوصول: ۲۰۰)

پریشانیاں دور ہوں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الطَّاھِرِ الزَّکِیِّ صَلٰوۃً تُحَلُّ بِھَا الْعُقَدُ وَتُفَکُّ بِھَا الْکُرَبُ۔

یہ درود شریف بار بار پڑھنے سے اللہ تعالیٰ پریشانیاں دور فرمادیتے ہیں۔

(ذریعۃ الوصول الی جناب الرسول ﷺ ص ۱۱۲)

دشواری دور ہونا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا ھُوَ اَھْلُہٗ وَمُسْتَحِقُّہٗ

جس شخص کو کوئی دشواری لاحق ہو اور وہ تنہائی میں باوضو یہ درود شریف ایک ہزار مرتبہ پڑھے اور ایک ہزار مرتبہ کلمہ طیبہ پڑھ کر دل سے دُعا کرے تو انشاءاللہ تعالیٰ اُس کی دشواری دور ہوگی۔

(فضائل درود شریف حضرت شیخ الحدیث رحمہ اللہ)

بلڈ پریشر اور دل کی گھبراہٹ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الطَّاھِرِ الزَّکِیِّ صَلٰوۃً تُحَلُّ بِھَا الْعُقَدُ وَتُفَکُّ بِھَا الْکُرَبُ۔

فجر اور شام کی نماز کے بعد اکہتر (71) مرتبہ درود شریف پڑھ کر پھونکیں اور پانی پر دم کر کے پئیں۔

(ذریعۃ الوصول الی جناب الرسول ﷺ)

امتحان میں کامیابی

رَبِّ صَلِّ عَلٰی نَبِیِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ اَجَلَّھَا ○ وَاقْضِ لِیْ بِجَاھِہٖ حَوَائِجِیْ کُلَّھَا ○ وَصَلِّ عَلَیْہِ کَمَا اَنْتَ اَھْلُھَا ○ وَسَلِّمْ وَشَرِّفْ وَکَرِّمْ دَائِمًا

ہر نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھنے سے امتحان میں نمایاں کامیابی نصیب ہوگی، اور قبر میں بھی منکر نکیر کا جواب آسان ہو جائے گا۔ انٹرویو سے قبل گیارہ مرتبہ پڑھ کر سینے پر پھونک مارنے سے جوابات دینے (بقیہ ص 25)

درود پاک سے قضائے حاجات

پروفیسر سید علی حسین شاہ نقوی (ہارون آباد)

پیارے قارئین و شائقین یوں تو ہزاروں وظائف ہیں جو قضائے حاجات کیلئے مناسب ہیں لیکن درود شریف واحد ایسا عمل ہے جو قضائے حاجات میں اپنی تاثیر آپ ہے۔ وقت کی مناسبت سے میرا تجربہ شدہ نایاب عمل قارئین کی خدمت میں پیش ہے۔ عمل بہت آسان ہے۔ گویا تمام صاحبان اس کی قدر کریں۔ سب صاحبان کو دعوت عام ہے آئیں اور اپنی ہر حاجت کو بذریعہ درود شریف اللہ تعالیٰ سے حل کروائیں۔

صبح کی نماز سے فراغت حاصل کر کے قبلہ رو بیٹھ جائے اور سب سے پہلے تین، سات یا گیارہ سو مرتبہ درود شریف پڑھ کر سورۃ یٰسین کی تلاوت شروع کر دے۔ جب اسم مبارک "مبین" پر پہنچے تو اختتام آیت کے گول ○ نشان میں اپنا مقصد ذہن میں تصور کر کے آنکھیں بند کر لے اور درود شریف پڑھتا رہے اور یہ خیال کرتا رہے کہ اس گول نشان سے ایک نور نکل رہا ہے جس نے نہ صرف میرے چاروں طرف احاطہ کیا ہے بلکہ کمرے کے باہر نکل کر سارے جہان میں چھایا ہوا ہے۔ یہاں تک کہ کل دنیا و مافیہا کو اس نور نے ڈھانپ لیا ہے۔ پھر آنکھیں کھول کر آگے بڑھے۔ جب "مبین" پر پہنچے تو پھر ایسا ہی خیال کرے۔ یہاں تک کہ ساری سورت ختم کر دے۔

چالیس دن تک متواتر ایسا عمل کرنے سے عامل کو خود بخود معلوم ہو جائیگا کہ وہ نور الٰہی کے سائے تلے ہے اور اس کا ہر کام غائبانہ طور پر ہو رہا ہے۔ انشاء اللہ۔ مجرب المجرب عمل ہے۔ شروع کرنے سے پہلے نیاز ضرور دلائیں۔

نوٹ درود شریف کوئی سا بھی پڑھ لیں۔ اور عمل کے اختتام پر تین، سات یا گیارہ بار درود شریف پڑھ لیں۔ یہ مراقبے کا عمل ہے۔ جن افراد کا دماغ کمزور ہو اور مراقبہ کرنے سے سردرد کرے، وہ یہ عمل نہ کریں۔ (ع)

وہ دانائے سبل، مولائے کل، ختم الرسل جس نے
غبار راہ کو بخشا، فروغ وادی سینا
نگاہ عشق و مستی میں وہی اول وہی آخر
وہی قرآں، وہی فرقاں، وہی یسین، وہی طٰہ

نعت رسول مقبول ﷺ

غلام حلقہ بگوشِ رسول ساداتم
زہے نجات نمودن حبیب و آیاتم
دلم زعشق محمد ﷺ پرست و آل مجید
گواہ حال من است ایں ہمہ حکایاتم
چو ذرہ ذرہ شود ایں تنم بہ خاک لحد
تو بشنودے صلٰوۃ از جمیع ذراتم
سلام گویم و صلٰوۃ بر تو ہر نفسے
قبول کن بہ کرم ایں سلام و صلواتم

ترجمہ "غلام ہوں اور رسولِ سادات کا حلقہ بگوش ہوں۔ میری قسمت کہ نجات (ابدی) پانے کے لیے آپ ﷺ کی (بے مثل) نشانیوں کا (اور خود آپ ﷺ کی) محبت کا دعویدار ہوں۔ میرا دل عشق نبوی ﷺ اور آلِ محترم میں تپ رہا ہے۔ یہ ساری داستانیں میرے حال کی گواہ ہیں۔ جب میرا جسم قبر کی خاک میں ذرہ ذرہ ہو جائے گا۔ تو ان تمام ذروں میں سے درود ہی کی آواز سنائی دے گی۔ میں آپ ﷺ پر ہر لحظہ سلام کہتا ہوں اور درود پڑھتا ہوں۔ بارالہ میرا یہ صلوۃ و سلام اپنے کرم سے قبول فرمالیں۔"

(حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ)

خاتم النبیین رسول کریم علیہ التحیۃ والتسلیم کی ذات والا صفات کا ظہور ایسے حالات میں ہوا کہ جب ساری دنیا پر ضلالت و گمراہی کے سیاہ بادل چھائے ہوئے تھے، شرک و بت پرستی کی لعنتوں نے تہذیب و تمدن اور اخلاقی اقدار کا ستیاناس کر دیا تھا، مصر، ہندوستان، یونان اور چین میں تہذیب اپنی شمع گل کر چکی تھی، رومی اور ایرانی تمدنوں کی ظاہری چمک دمک آنکھوں کو خیرہ کر دینے والی تھی مگر ان شیش محلوں کے زیر سایہ بدترین مظالم کا دور دورہ تھا، عرب کے ماحول کا تصور کیجئے تو دل دہل جاتا ہے۔ وہاں عاد ثمود کے ادوار اور سبا، عدن اور یمن کی سلطنتوں کے سائے میں کبھی تہذیب کی ہلکی سی روشنی نمودار بھی ہوئی تھی تو اب اسے گل ہوئے مدتیں گزر چکی تھیں اور عربوں پر وحشت کی شبِ دیجور چھائی ہوئی تھی، عربوں نے مشرکانہ اور بت پرستانہ مذہبیت کے ساتھ خانہ ءکعبہ کی مجاوری کا کاروبار چلا رکھا تھا۔ یہود نے کلامی اور فقہی موشگافیوں کی دوکانیں کھول رکھی تھیں اور باقی عرب قسم قسم کی جہالت کی اتھا گہرائیوں میں پڑے تھے۔

الغرض تمام دنیا ظلمت سے بھر گئی تو وہ آفتاب جہاں تاب ختم الرسل نبی آخر الزماں محمد مصطفےٰ ﷺ کہ جس کی بشارت حضرت آدمؑ سے لیکر حضرت عیسیٰؑ تک سب انبیاء جس آفتاب کے طلوع ہونے کی بشارت دیتے آئے تھے، وہ ربیع الاول کے مہینہ میں فاران کی چوٹیوں سے جلوہ گر ہوا۔

آپ ﷺ کے پیدا ہونے کے دنوں میں پوری دنیا میں عجائب و غرائب آثار قدرت ظہور پذیر ہونے لگے جو ایک عظیم الشان وقوعہ کے پیش خیمہ تھے۔ شیاطین آپس میں مل مل کر روتے اور سروں پر خاک اڑاتے پھرنے لگے آسمانی خبریں جنوں پر بند ہو گئیں اور وہ اس وجہ کی تلاش میں سرگردان و حیران پھرتے تھے کہ یہ کیا انقلاب آ گیا۔ بتوں میں سے نوحہ اور الوداع کی آوازیں لوگوں کو سنائی دینے لگیں۔

اہل نظر سماوات پر آثار عجیبہ و غریبہ معاینہ کرتے کہ اب دنیا کا نقشہ بدل جائے گا۔ مجوسیوں کی وہ آگ جو ہزاروں برس سے مسلسل روشن تھی خود بخود

بجھ گئی۔ ایوان کسریٰ کے کنگورے گر پڑے۔ الغرض عالمِ ناسوت سے لیکر عالمِ ملکوت، عالمِ جبروت اور عالمِ ھاھویت تک ایک عجیب فرحت و سرور جلوہ گر تھا۔ عرش سے فرش تک دھوم مچی تھی۔ پھر بچپن سے لیکر عہد شباب تک اور شباب سے لیکر آخر حیات تک جو کچھ معجزات خواجہ دو عالم ﷺ کے لوگوں نے دیکھے اگر ان سب کو قلم بند کیا جائے تو بڑی بڑی ضخیم کتابوں میں بھی نہ سمائے۔

یا صاحب الجمال و یا سید البشر
من وجھک المنیر لقد نور القمر
لایمکن الثنا کما کان حق
بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر

عرب میں قیدار کا خاندان پھر ان میں مضر کا اور ان میں قریش کا اور ان میں بنی ہاشم کا خاندان شجاعت، عفت، ثروت، سخاوت، ذکاوت، مہمان نوازی وغیرہ میں ضرب المثل تھا۔ تمام عرب اس خاندان کو نہایت درجہ عزت و تعظیم کی نگاہ سے دیکھتے تھے۔ آپ ﷺ کا نسب نامہ محمد ﷺ بن عبداللہ، بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبد مناف بن قصی بن کلاب بن مرہ بن لوی بن غالب بن فہر بن مالک بن نضر بن کنانہ بن خزیمہ بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان۔ یہاں تک کے ناموں میں کسی مورخ کو اختلاف نہیں۔ اسکے بعد کے سلسلہ میں تو کلام نہیں، البتہ ناموں میں قدرے اختلاف ہے۔ جس کے لیے آنحضرت ﷺ نے اسی قدر پر بمقتضائے احتیاط سکوت فرمایا۔

دنیا میں حسیں تو لاکھوں ہیں
پر تنویر مجسم ﷺ کوئی نہیں
اے ختم رسالت ﷺ تیرے سوا
محبوب دو عالم ﷺ کوئی نہیں

آپ ﷺ کا حلیہ مبارک رنگت سرخ و سفید، قد میانہ سے کسی قدر اونچا لیکن مجمع میں سب سے بلند و بالا معلوم ہوتا۔ چہرہ مبارک نہایت خوبصورت مدور مگر قدرے کتابی تھا۔ آنکھیں نرگسی، ابرو باریک و خمدار، دونوں میں نورانی فاصلہ ناک باریک و بلند حسن کے قالب میں ڈھلی ہوئی، ہونٹ باریک و سرخ، کشادہ پیشانی، دُر دنداں کی لڑیاں، دراز گردن، سر پر گھنگر والے بال جو کنگھی کرنے کے بعد بل کھا کر بہت ہی بھلے معلوم ہوتے تھے۔ داڑھی مبارک بھری ہوئی چوگرد نہایت خوبصورت رنگت کی چمک اور سفیدی بالوں کی تیز سیاہی عجب دلکش تھی۔ بازو اور رانیں بھری ہوئیں، دست دراز اور ہاتھوں کی ہتھیلیاں پُر از گوشت اور ریشم سے زیادہ نرم۔ سینہ سے ناف تک نہایت باریک بالوں کی لکیر۔ متناسب بدن۔ آپ ﷺ نہایت طاقتور شہسوار باہیبت و پروقار تھے۔ چہرے پر شہنشاہی اقبال اور نبوت کا نور چمکتا دکھائی دیتا تھا۔ آپ ﷺ کو سیکڑوں ہزاروں لوگوں کے درمیان تشریف فرما، کوئی اجنبی شخص بھی بخوبی پہچان لیتا تھا کہ آپ ہی سید المرسلین ﷺ ہیں۔ پسینہ سے نہایت عمدہ خوشبو آتی تھی۔ کلام نہایت فصیح، مختصر اور جامع شیریں زباں سے فرماتے۔ مجلس مبارک نہایت باہیبت اور پُروقار ہوتی۔ آنکھوں میں قدرتی سرمہ لگا ہوا تھا۔ الغرض محبوبیت آپ ﷺ پر سے نثار اور حسن، صدقہ وار ہوتا تھا۔ کسی کو ایک بار دیکھنے کے بعد قرار نہیں آتا تھا جب تک کہ بار بار نہ دیکھ لے اور جس قدر دیر تک دیکھتا جائے، دل ہی نہ بھرتا تھا۔ چلنے، بیٹھنے، کھانے پینے، کلام، سکوت میں نیچی نگاہ کرنے میں گوشۂ چشم سے دیکھنے میں ایک عجب قدرتی دلربائی تھی۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ الَّذِی مَلَّاءَ تْ قَلْبَہٗ مِنْ جَلَالِکَ وَ عَیْنَہٗ مِنْ جَمَالِکَ وَاُذُنَہٗ مِنْ لَذِیْذِ خِطَابِکَ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ صَحْبِہٖ وَ سَلِّمْ۔ سفید لباس زیادہ پسند فرماتے تھے۔ نیچے ازار اور پر عربی کُرتا۔ سر پر عمامہ، پاؤں میں نعلین، ہاتھ میں عصا۔ اوپر ایک چادر...... الغرض آپ ﷺ کی ہر ادا پیاری، منفرد اور نرالی تھی۔ آپ ﷺ نے پاجامہ بھی پہنا، قُبا بھی زیب تن فرمائی، جُبہ بھی پہنا اور یمن کی مخطط لنگیوں کو بھی پسند فرمایا۔

احکام الٰہی کی سرتابی پر جو آپ ﷺ کو جلال آجاتا تو دونوں ابرؤوں میں ایک رگ تھی، وہ نمودار ہو جاتی۔ مگر جلال میں کوئی ایسی بات نہ کہتے جو آپ ﷺ کی شان کے موافق نظر نہ آتی۔ الغرض آپ ﷺ کی ذات مبارک بے مثل تھی۔ تریسٹھ برس کی عمر میں رحلت فرمائی۔

جب میری امت دنیا کو بڑی چیز سمجھنے لگے تو اس سے اسلامی ہیبت چھین لی جائے گی (ارشاد نبوی ﷺ)

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوحِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَ عَلٰی جَسَدِہٖ فِی الْاَجْسَادِ وَ عَلٰی قَبْرِہٖ فِی الْقُبُوْرِ۔

قرآن کریم نے آپ ﷺ کے لیے ''رحمۃ للعالمین'' کا لفظ استعمال کیا ہے۔ سورۂ آلِ عمران آیت :۳۱ میں فرمایا گیا کہ ''اے محمد ﷺ! آپ لوگوں سے کہہ دیجیے کہ اگر تم خدا تعالیٰ سے محبت رکھتے ہو تو تم میری اتباع کرو، اللہ تعالیٰ تم کو محبوب بنالے گا، اور تمھارے گناہوں کو بخش دے گا۔''

درحقیقت رسول ﷺ کی اطاعت ہی اللہ کی اطاعت ہے۔ مسلمانوں پر بلکہ ساری انسانیت پر نبی کریم ﷺ کا زبردست احسان ہے کیونکہ انھوں نے گمراہی سے نکال کر صراطِ مستقیم کی طرف راہنمائی کی اور قیامت تک آپ ﷺ کی اطاعت ہی سے انسان اللہ کی فرمانبرداری کرسکتا ہے۔

قرآن کریم میں جہاں ایک طرف نماز، روزہ، حج، زکوۃ کا حکم دیا گیا ہے وہیں ہم کو یہ بھی حکم دیا گیا ہے کہ ہم اپنے محسن اعظم ﷺ، رہبر کامل ﷺ، نبی عربی ﷺ، خاتم النبی احمد مجتبیٰ محمد مصطفےٰ ﷺ پر تشکر و امتنان کے جذبے کے تحت درود و سلام کا ہدیہ پیش کریں۔ اللہ تعالیٰ قرآن کریم میں فرماتا ہے ''بیشک اللہ تعالیٰ اور اس کے فرشتے نبی ﷺ پر درود و سلام بھیجتے ہیں۔ اے ایمان والو! تم بھی نبی کریم ﷺ پر درود و سلام بھیجو'' (سورۂ احزاب آیت ۵۶)۔ اس آیت میں صلوۃ و سلام کے لیے امر کا صیغہ استعمال کیا گیا ہے اور یہ امر مسلمہ ہے کہ جو حکم قرآن کریم سے ثابت ہے وہ تقریباً فرض کا درجہ رکھتا ہے۔ اسی لیے نماز، روزہ کی طرح نبی کریم ﷺ پر درود بھیجنا بھی بے حد اہمیت رکھتا ہے۔

درود شریف کے فضائل میں، کتب احادیث میں متعدد احادیث وارد ہوئی ہیں۔ اُن میں سب سے مشہور حدیث یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ ''جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجتا ہے، اللہ تعالیٰ اُس پر دس بار رحمت بھیجتے ہیں، اس کی دس برائیاں مٹادیتے ہیں اور اس کے دس درجات بلند فرمادیتے ہیں۔'' اب آپ اندازہ کیجیے کہ جتنی بار رسول اللہ ﷺ پر درود بھیجا جائے گا اس سے دس گُنا رحمتیں اللہ تعالیٰ کی درود بھیجنے والے پر نازل ہونگی، اُس کی دس برائیاں مٹائی جائیں گی اور اس کے دس درجات بلند کیے جائیں گے۔ اسی طرح رسول اللہ ﷺ نے ایک دوسرے موقع پر فرمایا ہے کہ ''قیامت کے دن سب سے زیادہ قریب مجھ سے وہ شخص ہوگا جو سب سے زیادہ مجھ پر درود بھیجنے والا ہوگا۔'' اسی طرح بکثرت احادیث فضائل درود و سلام میں وارد ہوئیں ہیں جن کا احاطہ اس وقت دشوار ہے۔

بعض مشائخ وصیت کرتے ہیں کہ سورۂ اخلاص کو اور درود شریف کو کثرت سے پڑھنا چاہیے کیونکہ قل ھو اللہ احد کی قراءت خدائے واحد کی معرفت کراتی ہے اور سید عالم ﷺ پر درود کی کثرت، حضور ﷺ کی صحبت و معیت سے سرفراز کرتی ہے اور جو کوئی سید عالم ﷺ پر بکثرت درود بھیجے گا یقیناً اسے خواب و بیداری میں حضور ﷺ کی زیارت نصیب ہوگی۔

بعض جلیل القدر اولیائے کرام خصوصاً حضرت سلطان باہو رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ طریق سلوک، تحصیل معرفت اور قربِ الٰہی کے حصول کے لیے جس وقت اولیائے کرام کا وجود مخفی ہوجائے تو اس وقت ظاہر شریعت پر بلا التزام عمل کرنا، تصور اسم اللہ ذات و تصور اسم محمد ﷺ اور نبی کریم ﷺ پر کثرت سے درود شریف کو اپنے اوپر لازم کرلینا مرشدِ متصرف کا کام دے گا۔ کثرتِ درود سے باطن میں ایک نور پیدا ہوجاتا ہے جس سے منازل سلوک جلدی طے پاتے ہیں اور براہِ راست حضور اکرم ﷺ کی بارگاہ سے فیضان و اعانت اور امداد حاصل ہوجاتی ہے۔

باھو: ہر کرا از دل کشاید چشم نور
شد حضوری مصطفیٰ ﷺ رست از غرور
شد مطالب دیدن روئی مصطفیٰ ﷺ
شد حضوری غرق فی اللہ باخدا

''اے باہو۔ جس کے دل کی نوری آنکھ کھل جاتی ہے، وہ غرور سے پاک ہوجاتا ہے اور اُسے حضور ﷺ کی دائمی صحبت نصیب ہوجاتی ہے۔ حضور ﷺ کے چہرہ انور کی زیارت سے اُس کے تمام مطالب پورے ہوجاتے ہیں اور وہ غرق فنافی اللہ حضور ہوجاتا ہے اور جو دل کی حقیقت کو پا جاتا ہے، وہ ہر غم والم سے محفوظ رہتا ہے۔

چنانچہ درود شریف کی فضیلت اور مسلمانوں کا اپنے خاتم النبی محمد مصطفےٰ

ﷺ سے والہانہ عشق ومحبت کے اظہار وفراق کا نتیجہ یہ ہوا کہ جہاں آنحضور ﷺ نے خود ہی اپنی زبانِ مبارک سے درود شریف کے مختلف صیغے اُمت کو تعلیم فرمائے، وہاں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین، ائمائے مجتہدین، صوفیائے کرام واولیائے عظام نے مختلف قسم کے درود شریف بارگاہِ نبوی ﷺ میں پیش کیے اور فضائل درود شریف پر نہایت محققانہ اور عاشقانہ کتابیں لکھیں۔ راقم السطور کے پاس ان کتابوں کی ایک طویل فہرست ہے۔ درود شریف پر بعض کتب عوام وخواص میں بہت مقبول ہیں۔ اُن میں برفہرست ''دلائل الخیرات'' سب سے زیادہ مشہور ہے، جس کو ہر سلسلے کے سالکین ومشائخ حضرات روزانہ لاکھوں کی تعداد میں پڑھتے ہیں۔ اور سید شیخ عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ کے ہفتہ وار ''اسبوح شریف'' جو حضرت فقیر نور محمد سروری قادری کلاچوی (مصنف، تصوف کی مشہور کتاب عرفان) نے اپنی دوسری تصنیف مخزن الاسرار وسلطان الاوراد میں حضرت شیخ عبد القادر جیلانی رحمہ اللہ کے ایک قلمی نسخہ سے جو بغداد شریف میں ۱۳۱۳ھ سے حاصل کیا تھا، بھی سالکین میں انتہائی مقبول ہے۔ اسکے علاوہ شیخ عبدالقادر جیلانی رحمہ اللہ کا درودِ کبریت احمر ودرودِ اکسیر الاعظم بھی بہت مشہور ہیں۔

اسکے علاوہ عوام وخواص میں سید شیخ صالح موسیٰ الضریر (نابینا) کا درود تنجینا، جس کا راقم السطور نے ایک قدیم قلمی نسخہ (۱۲۸۰ھ) میں اسطرح لکھا ہوا پایا:

''بسم اللہ الرحمن الرحیم اللھم صل علی محمد و علی اٰلِ محمد سِرِّ البرکاتِ وَصل علی محمد سبب الخیرات و علی اله و اصحابه ابدا ما دامت الصلوتُ صلوتً تنجینا بها من جمیع الاهوال و الافاتِ و تقضی لنا بها جمیع الحاجاتِ و تطهرنا بها من جمیع السیات و ترفعنا بها عندك علی الدرجات و تبلغنا بها اقصی الغایاة من جمیع الخیرات فی الحیوت و بعد المماتِ انك علی کل شیء قدیر۔''

بعد از ہر نماز پانچ بار (زکوۃ چھ ہزار بار) بھی بہت مشہور ہے۔

عوام وخواص میں ایک اور درود شریف جو درود تاج کے نام سے معروف ہے جسکو ایک باکمال درویش کامل نے فقیر کو کمال محبت وشفقت سے مرحمت فرمایا تھا یہ درود شریف مطبوعہ درود تاج سے کئی گنا بڑا ہے۔ عاجز نے کسی بھی مطبوعہ وغیر مطبوعہ کتاب میں اب تک اسے نہیں دیکھا۔ انشاءاللہ کسی اور موقع پر درود تاج مخفی ہم قارئین خزینۂ روحانیات کی خدمت میں پیش کریں گے۔

درود شریف پر ایک اہم کتاب جو زیادہ مشہور تو نہیں مگر مصنف نے جس طرح بارگاہِ نبوی میں جس انداز سے درود شریف کا ہدیہ پیش کیا، وہ اپنی مثال آپ ہے۔ وہ ہے جامع ارباب الفضل والکمال ملا غلام رسول القندھاری المعروف ملا کبلئ الحنفی النقشبندی الافغانی کی کتاب جامع الانوار ہے جو چار رسالوں پر ۴۶۸ صفحات پر مشتمل ہے۔ اول حصہ جامع الانوار فی الصلوۃ علی النبی المختار، دوئم جامع الدرر فی نعوت خیر البشر سوئم یاقوت الاحمر فی الصلوۃ علیٰ خیر البشر اور چہارم رسالہ جامع الجواہر فی اسماء الاخیار والکومل پر مشتمل ہے۔ کتاب ہذا کو مطبع المجتبائی دہلی ہندوستان سے شائع کیا گیا تھا۔ جس میں حروف تہجی کی ترتیب سے درود شریف لکھے گئے ہیں اور ہر درود کا ہر لفظ حروف تہجی کی ترتیب یعنی باب الف کے تمام الفاظ الف سے شروع ہوتے ہیں اور باب با کے تمام لفظ بے سے شروع ہوتے ہیں۔ اسطرح الف سے غین تک ابواب ہیں۔ جس میں ہزاروں الفاظ حروف تہجی کی ترتیب سے دیئے گئے ہیں۔ درود شریف پر ایک حیرت انگیز کتاب ہے کہ جس سے مصنف کی آنحضور ﷺ سے والہانہ عشق اور علمی تبحر کا بخوبی اندازہ ہوتا ہے۔

الحمدللہ راقم السطور کے پاس تصوف، عملیات، نجوم، جفر وغیرہ علوم مخفی پر کثیر تعداد میں قلمی، جدید وقدیم کتب کا ایک وسیع ذخیرہ موجود ہے۔ اسی دوران سیاحتِ علمی فقیر کو ایک نایاب قلمی مخطوط جو ۶×۱۷×۲، خطِ نستعلیق، سطور ۱۳ صفحات ۴۰۰ سو، خط کتابت ۱۲۸۹ھ مصنف وکاتب ملا نور الدین غزنوی افغانستان درج ہے، دستیاب ہوئی۔ جس میں ملا صاحب مرحوم نے بارگاہِ نبوی میں درود شریف کا ہدیہ آنحضور ﷺ کے صفاتی ناموں کی ترتیب سے اس طرح پیش کیا کہ ان کا آخری لفظ حروف تہجی کی ترتیب سے آیا ہے جیسے

باب الف - اللھم صل علیٰ محمد سید الشرفاء۔ اللھم صل علیٰ محمد سید الفقراء۔ اللھم صل علیٰ محمد سید شفیع یوم الجزاء۔ اللھم صل علیٰ محمد سید النعمآء

